Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ
Daily Awami Lalkaar
راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13
پیر 12 دسمبر، 2022ء، 17 جمادی الاول 1444ھ، قیمت 20 روپے
شمارہ 214

قوانین کو مکمل طور پر نظر انداز کیا جا رہا ہے، ہمارے دستور میں فراہم کردہ بنیادی انسانی حقوق کو صریحاً پامال کرتے ہوئے درج کیے گئے

سلمان شہباز کو این آر او ٹو کے ذریعے پاک صاف کیا گیا، عمران خان

اعظم سواتی کیس کے برعکس اربوں روپے کی کرپشن اور منی لانڈرنگ میں ملوث سلمان شہباز نامی ایک اشتہاری کو این آر او ٹو کیذریعے جھاڑ پونچھ کر پاک صاف کر دیا گیا ہے اور وہ پاکستان لوٹ آیا ہے

عمران خان نے اپنے ٹویٹ کے ساتھ احادیث مبارکہ بھی شیئر کی، جس میں ان کا کہنا تھا کہ رسولِ مکرم ﷺ کی وہ حدیثِ مبارکہ ہر کسی کے پیشِ نظر رہنی چاہیئے جس میں انہوں نے تنبیہ کی تھی کہ ناانصافی کیسے قوموں کو تباہی سے دوچار کرتی ہے

لاہور:) دنیا نیوز (چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے کہا ہے کہ اگر کوئی یہ سمجھنا چاہتا ہے کہ پاکستان کی معیشت تباہی کے نرغے میں کیوں ہے؟ تو محض دو واقعات ہی اس کیلئے کافی ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں عمران خان نے کہا کہ 75 سالہ سینیٹر اعظم سواتی کو زیرِ حراست تشدد کا نشانہ بنایا گیا، انہیں انکے پوتے پوتیوں کیسامنے پیٹا گیا، ایک حسیکو گرا کر انکے گھر پر جبرا تالے چڑھائے گئے۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ قوانین کو مکمل طور پر نظر انداز کیا جا رہا ہے، ہمارے دستور میں فراہم کردہ بنیادی انسانی حقوق کو صریحا پامال کرتے ہوئیدرج کیے گئے۔ درجنوں مقدمات کے ذریعے اعظم سواتی کو ایک سے دوسرے صوبے میں گھسیٹنے کا سلسلہ جاری ہے۔ چیئرمین تحریک انصاف نے مزید کہا کہ اعظم سواتی کیس کے برعکس اربوں روپے کی کرپشن اور منی لانڈرنگ میں ملوث سلمان شہباز نامی ایک اشتہاری کو این آر او ٹو کیذریعے جھاڑ پونچھ کر پاک صاف کر دیا گیا ہے اور وہ پاکستان لوٹ آیا ہے۔ عمران خان نے اپنے ٹویٹ کے ساتھ احادیث مبارکہ بھی شیئر کی، جس میں ان کا کہنا تھا کہ رسولِ مکرم ﷺ کی وہ حدیثِ مبارکہ ہر کسی کے پیشِ نظر رہنی چاہیئے جس میں انہوں نے تنبیہ کی تھی کہ ناانصافی (بقیہ نمبر 1)

اعظم سواتی عدالت میں پیش، 3 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

اعظم سواتی کو گزشتہ روز کوئٹہ سے تحویل میں لیکر سندھ پولیس نے سکھر منتقل کیا تھا، رپورٹ

قمبر (این این آئی) جوڈیشل مجسٹریٹ قمبر نے پاکستان تحریک انصاف کے سینئر اعظم خان سواتی کا 3 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔ گزشتہ روز کوئٹہ سے تحویل میں لیکر سکھر منتقل کیے گئے پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی کو (بقیہ نمبر 4)

پنجاب، خیبر پختونخوا میں 20 مارچ سے پہلے عام انتخابات کا عمل مکمل ہو گا، فواد چوہدری

پی ڈی ایم 20 دسمبر تک عام انتخابات کا فارمولا نہیں لاتی تو پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیاں توڑ دی جائیں گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما اور سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم 20 دسمبر تک عام انتخابات کا فارمولا نہیں لاتی تو پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیاں (بقیہ نمبر 3)

پی ٹی آئی کی پالیسیوں کا خمیازہ عوام آج بھگت رہے ہیں، وزیر خزانہ

گورنر بلیغ الرحمٰن سے اسحاق ڈار کی ملاقات، سیاسی اور معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن سے وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی اور معاشی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ ا (بقیہ نمبر 2)

پنجاب کو زرعی صوبہ ہونے کے ناطے گندم کی پیداوار میں خود کفیل ہونے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب کا صوبے بھر کے بڑے شہروں میں گندم کا کوٹہ بڑھانے کا فیصلہ

کاشتکاروں کو گندم کی زیادہ پیداوار دینے والے بیج کے استعمال کی آگاہی دی جائے، سیکرٹری خوراک اور ڈائریکٹر فوڈ نے گندم کے ذخائر کی موجودہ پوزیشن اور ضروریات سے آگاہ کیا ہے

لاہور (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے لاہور، راولپنڈی سمیت بڑے شہروں میں گندم کا کوٹہ بڑھانے کا فیصلہ کر لیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کی زیر صدارت کابینہ سٹینڈنگ کمیٹی برائے گندم کا دوسرا اجلاس ہوا جس میں گندم کی ریلیز پالیسی اور کوٹے کے اجرا کا از سر نو جائزہ لیا گیا، گندم کے موجود ذخائر اور ضروریات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران لاہور، راولپنڈی سمیت بڑے شہروں میں گندم کا کوٹہ بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا، اس موقع پر چودھری پرویز الٰہی کا کہنا تھا کہ پنجاب کو زرعی (بقیہ نمبر 5)

برائلر گوشت کی قیمت میں 7 روپے کمی

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 7 روپے کمی سے 2 9 3 روپے (بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم شہباز شریف کا ورکرز کو متحرک کرنے کا فیصلہ، ملک گیر ورکرز کنونشن کا سلسلہ شروع کر دیا

11 سے 17 دسمبر تک ورکرز کنونشن کے انعقاد کا شیڈول بھی جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور وزیراعظم شہباز شریف نے ورکرز کو متحرک کرنے کا فیصلہ کر لیا، اس ضمن میں پاکستان مسلم (بقیہ نمبر 7)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی صوبائی کابینہ کے پانچویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سالٹ رینج میں محکمہ جنگلی حیات کی تیتر کے قانونی شکاریوں کیلئے آگاہی مہم

لاہور (این این آئی) سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب شاہد زمان کی خصوصی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل جنگلی حیات و پارکس پنجاب مبین ا (بقیہ نمبر 27)

خیبر پختونخوا میں پہلے مرکز برائے انسداد متشدد انتہا پسندی کا افتتاح

مرکز برائے انسداد متشدد انتہا پسندی گھریلو تشدد سمیت تشدد کی دیگر اقسام پر بھی تحقیق کرے گا، کامران بنگش

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں پہلے مرکز برائے انسداد متشدد انتہا پسندی کا افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر کامران بنگش نے کہا کہ مرکز برائے انسداد متشدد انتہا پسندی گھریلو تشدد سمیت تشدد کی دیگر اقسام پر بھی تحقیق کرے گا۔ صوبائی وزیر کامران بنگش نے کہا کہ نیشنل ایکشن پلان پر عمل کرنے میں خیبر پختونخوا (بقیہ نمبر 28)

حسن مرتضیٰ کی گفتگو سے محسوس ہوتا ہے آصف زرداری سیاسی ولی ہیں

فیاض چوہان

پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کے منہ سے کرپشن پر بھاشن عجیب بات ہے' ترجمان وزیراعلیٰ پنجاب

کرپشن کے بے تاج بادشاہ آصف زرداری کا چیلا کس منہ سے کرپشن پر بات کرتا ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے ترجمان فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ حسن مرتضیٰ کی گفتگو سے محسوس ہوتا ہے کہ آصف علی زرداری اور پیپلز پارٹی سیاسی ولی اور پرہیزگار ہیں، پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کے منہ سے کرپشن پر بھاشن عجیب بات ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کرپشن کے بے تاج بادشاہ آصف زرداری کا چیلا کس منہ سے کرپشن پر بات کرتا ہے۔ کرپشن (بقیہ نمبر 8)

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سینئر صحافی کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کر رہے ہیں

مارگلہ ہلز میں 9 تیندوؤں کی نشاندہی ہوئی ہے، شیری رحمٰن

تیندوؤں کے تحفظ اور لوگوں کی حفاظت کے لیے صرف گائیڈڈ ٹورز کی اجازت ہے، وفاقی وزیر

جنگلی حیات، قدرتی ماحولیات اور نیشنل پارک کی بحالی ہم سب کی ذمے داری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ماحولیاتی تبدیلی شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ مارگلہ ہلز کا ٹریل 6 بند کر کے لیپرڈ پریزرویشن پارک بنایا ہے، اس زون میں کیمرہ ٹریپس کی مدد سے 9 تیندوؤں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ وفاقی وزیر ماحولیاتی تبدیلی شیری رحمٰن نے مارگلہ نیشنل پارک میں قائم لیپرڈ پریزرویشن زون کا دورہ کیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے بیان میں سینیٹر شیری رحمٰن (بقیہ نمبر 26)

فیصل آباد، جماعت اسلامی نے عام انتخابات کی تیاریوں کا آغاز کر دیا

ملک میں وسیع پیمانے پر تبدیلی لانے کے لیے اس ظالمانہ اور استحصالی نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد جماعت اسلامی نے عام انتخابات کی تیاریوں کا آغاز کر دیا۔ سراج الحق جمعہ 16 دسمبر کو سوساں روڈ پر بڑے ورکرز کنونشن سے خطاب کریں گے۔ شیخ محمد مشتاق این اے 101، ڈاکٹر خالد فخری پی پی 1 1 0، اجمل حسین بدر پی پی 1 1 2، عبدالستار بیگا پی پی 1 1 3 کے امیدوار ہوں گے۔ ضلعی امیر پروفیسر محبوب الزماں بٹ نے اسلم گنج میں ہونے والی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی عام انتخابات میں بھرپور طریقہ سے حصہ لے گی۔ کارکنان دعوتی کام کو تیز کریں اور نئے یونٹ کے قیام کے لئے بھرپور کاوشیں کریں۔ میٹنگ سے زونل امیر چوہدری سلیم گجر، بلال انور، رانا عمر فاروق، میاں حمزہ تجمل نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ جماعت اسلامی نے عوام کو ظلم و جبر کے اس نظام سے نجات دلانے کے لیے (بقیہ نمبر 9)

سرگودھا، نوجوان موٹر سائیکل مکینک کی ہلاکت، ایس ایچ او نوکری سے برخاست

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کی تحصیل بھلوال کے تھانہ صدر میں پولیس تشدد سے موٹر سائیکل مکینک 30 سالہ نوجوان کی ہلاکت کے ذمہ دار ایس ایچ او سمیت اہلکاروں کو نوکری سے برخاست کر کے محرر، سیکورٹی کانسٹیبلان اور نگرانی میں غفلت پر تھانہ سٹی کے ایس ایچ او کی سروس ضبط کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کی تحصیل بھلوال میں تھانہ صدر پولیس نے چک 2 کے موٹر سائیکل مکینک (بقیہ نمبر 10)

وزیراعظم، وزیر خزانہ ہماری گزارشات کا نوٹس لیں' کارپٹ ایسوسی ایشن

حکومت برآمدات میں اضافے کیلئے بیل آؤٹ پیکج کی طرز پر خصوصی معاونت کرے

لاہور (این این آئی) پاکستان کارپٹ مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ وزیر اعظم اور وزیر خزانہ ہاتھ سے بنے قالینوں سمیت تمام برآمدی شعبوں کی مشکلات سے آگاہی کیلئے ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کریں، ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت دیہاتوں میں عوام کو غربت کی لکیر سے اوپر لانے میں بے حد معاون ثابت ہو سکتی (بقیہ نمبر 11)

گوادر پورٹ، ملحقہ علاقوں کو جدید سکیورٹی نظام کیلئے دو میگا سکیورٹی منصوبے شروع

دوسرا صوبائی حکومت نے وفاقی وزارت منصوبہ بندی سے مل کر شروع کیا ہے

گوادر (این این آئی) حکومت نے گوادر پورٹ اور اس سے ملحقہ علاقوں کو جدید سکیورٹی نظام اور جدید ترین حفاظتی میکنزم سے لیس کرنے کے لیے گوادر میں دو میگا سکیورٹی منصوبوں کا آغاز کیا ہے۔ دو حفاظتی منصوبوں میں سے ایک گوادر پورٹ اتھارٹی (بقیہ نمبر 12)

دفتر محتسب پنجاب کی ہدایت پر مختلف علاقوں میں سرکاری اراضی ناجائز قابضین سے واگزار

لاہور (این این آئی) دفتر محتسب پنجاب کی ہدایت پر بھکر کی تحصیل کلورکوٹ کے چک نمبر 36/ایم ایل میں 52 کنال 2 مرلہ سرکاری اراضی کو مجاز اتھارٹی کی اجازت کے بغیر کالونی قرار دے کر مختلف افراد کو غیر قانونی فروخت کرنے کے معاملہ کی تحقیقات کے بعد 28 لاکھ 90 ہزار روپے مالیت کے 8 کنال 10 مرلہ رقبہ کے 17 احاطہ جات ناجائز قابضین سے واگزار کروا لئے گئے ہیں اور محکمہ مال نے (بقیہ نمبر 25)

رانا ثناء اللہ کی بریت کی خوشی میں مٹھائی تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد

عمران خان، حواریوں نے سیاسی بغض میں جعلی کیس بنوایا، لیگی رہنما ارسلان حیات

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ و مسلم لیگ (ن) پنجاب کے صدر رانا ثناء اللہ کی منشیات اسمگلنگ کیس میں بریت کی خوشی میں مٹھائی تقسیم کی گئی، کارکنان نے جعلی مقدمہ قائم کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کا بھی مطالبہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے رہنما ارسلان حیات کی جانب سے پنجاب کے صدر و وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان کی منشیات اسمگلنگ کے کیس میں بریت کی خوشی میں تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر مٹھائی تقسیم کی گئی اور پارٹی قیادت اور رانا ثناء اللہ کے حق میں نعرے بھی لگائے گئے۔ خطاب کرتے ہوئے ارسلان حیات نے کہا کہ رانا ثناء اللہ کی بریت کے فیصلے سے ثابت ہو گیا ہے کہ عمران خان اور ان کے حواریوں نے سیاسی بغض میں منشیات اسمگلنگ کا جعلی کیس بنوایا، جو قرآن کی قسمیں کھاتے تھے وہ عدالت کے فیصلے پر (بقیہ نمبر 24)

ویلنشیا لیڈیز کلب میں ونٹر فیسٹیول کا انعقاد، ابرار الحق نے افتتاح کیا

جو لوگ ایک دوسرے کا سہارا بننے کی کوشش کرتے ہیں وہ انمول ہوتے ہیں' ابرار الحق

ہمیں اپنے ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے سوچنا ہو گا دنیا میں پاکستان جیسا ملک کہیں نہیں ہے

لاہور (این این آئی) ویلنشیا لیڈیز کلب کے زیر اہتمام ونٹر فیسٹول کا انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی معروف سنگر ابرار الحق تھے، کلب آمد پر خواجہ فرقان الحق، فخر اسلام بٹ ویلنشیا لیڈیز کلب کی بانی اقراء چوہدری نے ابرار الحق کو گلدستہ پیش کیا، اقراء چوہدری نے ابرار الحق کو ویلنشیا لیڈیز کلب کے خواتین کیلئے جاری کورسز بارے بریفنگ دی۔ مہمان خصوصی ابرار الحق نے فیتہ کاٹ کر ونٹر فیسٹول کا افتتاح کیا اور مختلف سٹالوں کا دورہ کیا۔ ونٹر فیسٹول تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ابرار الحق نے کہا کہ ویلنشیا لیڈیز کلب کی خواتین کیلئے خدمات لائق تحسین ہیں اور جو لوگ ایک دوسرے کا سہارا بننے کی کوشش کرتے ہیں وہ انمول لوگ ہوتے ہیں ان کی قدر کرنی چاہیے، ونٹر فیسٹول میں لگے سٹالوں پر رکھی اشیاء دیکھ کر خوشی ہوئی کہ ہمارے ملک کے لوگ کتنے ذہین ہیں بدقسمتی سے ان کی قدر کرنے والا کوئی نہیں، تقریب (بقیہ نمبر 13)

کراچی: معذور افراد کے عالمی دن کے حوالے سے منعقدہ سیمینار کے موقع پر خواتین اشیاء دیکھ رہی ہیں

تمام سیاسی جماعتوں کو مل کر ملک کو ترقی کی طرف لے کر جانا چاہیے، رانا تنویر حسین

عمران خان ملک میں افراتفری پھیلانے کی بجائے 2023 کے الیکشن کا انتظار کریں

ملک میں افراتفری پھیلا کر پاکستان کو ایک دفعہ پھر اندھیروں میں لے کر جایا جائے، وفاقی وزیر تعلیم

شیخوپورہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ عمران خان ملک میں افراتفری پھیلانے کی بجائے 2023 کے الیکشن کا انتظار کریں حکومتوں کو بلیک میل کر کے کبھی الیکشن اپنی تاریخ سے پہلے نہیں ہوں گے تین چار سال حکومت کر کے ملک جس بحران میں دھکیل دیا ہے اس کو نکالنے میں حکومت کا ساتھ دے بلکہ اسمبلیوں میں واپس آ کر ملک پاکستان اور اس ملک کی عوام کو مشکلات سے نکالنے کے لیے وفاقی حکومت سے مل بیٹھے رانا تنویر حسین نے کہا جنرل الیکشن ہر حال میں اپنی تاریخ سے پہلے نہیں ہوں گے وفاقی حکومت کو ختم کرنے کے چکر میں عمران خان پنجاب حکومت سے بھی بہت جلد فارغ ہو جائے گا انہوں نے کہا وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار صدر پاکستان سے ملاقات اس لئے کر رہے ہیں کہ ملک اس وقت بہتر سمت کی طرف گامزن ہو چکا ہے (بقیہ نمبر 23)

سینیٹ میں اپوزیشن کی اتحادی جماعتوں کا مشترکہ پارلیمانی پارٹی کا اجلاس (آج) طلب

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن کی اتحادی جماعتوں کا مشترکہ پارلیمانی پارٹی کا اجلاس (آج) پیر کو طلب کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن جماعتوں کا اجلاس (آج) پیر سہ پہر تین بجے پارلیمنٹ ہاؤس میں ہو گا، سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر ڈاکٹر شہزاد وسیم اجلاس کی صدارت کریں گے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں سینیٹ اجلاس سے متعلق اپوزیشن کی حکمت عملی مرتب کی جائے گی۔ یاد رہے کہ صدر مملکت (بقیہ نمبر 14)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات میاں محمود الرشید عمر بلاک اقبال ٹاؤن میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

دراز اور ویزا کا سیلاب متاثرین کی مدد کے لیے تعاون

سیلاب سے متاثرہ 4000 خاندانوں کو امدادی سامان فراہم کرنے کے لیے اپنے وسائل جمع کیے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی معروف آن لائن مارکیٹ پلیس دراز اور عالمی کارڈ پیمنٹ سروس ویزا نے سیلاب سے متاثرہ 4000 خاندانوں کو امدادی سامان فراہم کرنے کیلئے اپنے وسائل جمع کیے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق ای کامرس کمپنی نے کہا کہ دراز اور ویزا نے پاکستان میں سیلاب سے بچاؤ کی کوششوں میں فعال طور پر (بقیہ نمبر 15)

وزیراعظم کے صاحبزادے سلیمان شہباز کی 4 سال بعد پاکستان واپسی

پارٹی کے آفیشل ٹوئٹر اکاؤنٹ پر سلیمان شہباز کے گھر واپس آنے اور والد سے ملنے کی ویڈیو شیئر کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے صاحبزادے سلیمان شہباز لندن میں 4 سال کی خود ساختہ جلاوطنی کے بعد پاکستان واپس پہنچ گئے۔ ان کی واپسی ایسے وقت میں ہوئی ہے، 3 روز قبل اسلام آباد ہائی کورٹ نے سلیمان شہباز کی حفاظتی ضمانت منظور کرتے ہوئے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کو وطن واپسی پر انہیں گرفتار کرنے (بقیہ نمبر 16)

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 12 دسمبر 2022ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نامہ نگار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور (بقیہ نمبر 22)

لاہور: صوبائی وزیر خزانہ سردار محسن خان میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ٹیریان عمران خان کی بیٹی ہے جس کے کئی ثبوت موجود ہیں، وزیر داخلہ

عمران خان نے خود بھی کبھی اس کا انکار نہیں کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ ٹیریان عمران خان کی بیٹی ہے جس کے کئی ثبوت موجود ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق وزیر داخلہ نے کہا کہ عمران خان نے خود بھی کبھی اس کا انکار نہیں کیا، مبینہ بیٹی ٹیریان کو کاغذاتِ نامزدگی (بقیہ نمبر 17)

سیلاب سے متاثرہ پولیو ورکرز میں 250 ملین روپے تقسیم کیے جائیں گے، عبدالقادر پٹیل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ پولیو ورکرز میں 250 ملین روپے تقسیم کیے جائیں گے۔ اپنے (بقیہ نمبر 18)

آئندہ تین روز کے دوران کراچی کی راتیں سرد رہنے کا امکان

کم سے کم پارہ 15 سے 17 ڈگری کے درمیان ریکارڈ ہو سکتا ہے، رپورٹ

کراچی (این این آئی) اگلے 3 روز کے دوران دن کے وقت شہر کا موسم خشک جبکہ راتیں سرد رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات ارلی وارننگ سینٹر پیش گوئی کے مطابق اس دوران سمندر کی جنوب مغربی ہوائیں غیر فعال رہے گی اور کراچی بلوچستان کی شمال مشرقی ہواؤں کے زیر اثر رہے گا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 3 روز کے دوران کم (بقیہ نمبر 20)

سرکاری و نجی سکولز تین روز بعد (آج) دوبارہ کھلیں گے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے سرکاری و نجی سکولز تین روز بعد آج (پیر) کے روز دوبارہ کھلیں گے۔ لاہور ہائیکورٹ کے حکم پر محکمہ (بقیہ نمبر 21)

بلاول بھٹو زرداری کا میٹا کا دورہ پاکستانیوں کیلئے ترقی کی راہیں کھولے گا، شازیہ مری

پاکستان کے مرد اور خواتین فیس بک پر اپنے ویڈیو شیئر کر کے سرمایہ کما سکیں گے، وفاقی وزیر کا بیان

پاکستان کے عوام فیس بک پر جتنی محنت کرینگے اس کے ثمرات ملک کو بھی حاصل ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اور ترجمان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے کہا ہے کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کا میٹا کا دورہ پاکستانیوں کیلئے ترقی کی راہیں کھولے گا۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ بہت جلد پاکستان کے مرد اور خواتین فیس بک اور انسٹاگرام کے ذریعے روزگار حاصل کریں گے۔ شازیہ مری نے کہا کہ پاکستان کے مرد اور خواتین فیس بک پر اپنے ویڈیو شیئر کر کے سرمایہ کما سکیں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کی محنت اور کارکردگی کے ثمرات عوام کو ملنا شروع ہو گئے ہیں۔ شازیہ مری نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری اپنے نانا شہید اور والدہ شہید کے فلسفے پر گامزن ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کے عوام فیس بک پر جتنی محنت کرینگے اس کے ثمرات ملک کو بھی حاصل ہونگے۔

میرا قصور صرف یہ تھا کہ میں شہباز شریف کا داماد تھا، عمران علی یوسف

جتنی تکلیف انہوں نے ہمیں دی اس کا جواب انہیں اللہ کو دینا پڑے گا، گفتگو

لندن (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے داماد عمران علی یوسف نے کہا ہے کہ میرا قصور صرف یہ تھا کہ میں شہباز شریف کا داماد تھا۔ ڈیلی میل کے خلاف ہتک عزت کا مقدمہ جیتنے والے عمران علی یوسف نے ایک انٹرویو میں کہا کہ ڈیلی میل (بقیہ نمبر 19)

استقبالیہ تقریب
علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی
ممبر اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان
سلسلہ اعزاز

لاہور: دارالعلوم جامعہ نعیمیہ کے ناظم اعلیٰ علامہ ڈاکٹر راغب نعیمی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام کو اس امپورٹڈ ٹولے کی نااہلی کی سزا نہیں بھگتنے دیں گے، مسرت چیمہ

عوام کی جانب سے "الیکشن کراؤ ملک بچاؤ" احتجاجی مہم میں بھرپور شرکت جاری ہے' ترجمان وزیراعلیٰ و پنجاب حکومت

آل شریف کے مفرور خاندان کی واپسی کا وقت ہو گیا، لوٹا ہوا مال ہر صورت واپس نکلوائیں گے

لاہور (این این آئی) ترجمان وزیراعلیٰ و پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ آل شریف کے مفرور خاندان کی واپسی کا وقت ہو گیا ہے، اب ان کو ضمانتیں بھی ملیں گی اور نیب کیسز بھی ختم ہوں گے، ہم ان سے پاکستان کا لوٹا ہوا مال ہر صورت واپس نکلوائیں گے۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عوام کی جانب سے "الیکشن کراؤ ملک بچاؤ" احتجاجی مہم میں بھرپور شرکت جاری ہے، اس وقت عوام عدلیہ کی طرف دیکھ رہی ہے کہ وہ پاکستانی عوام کو انصاف دے، ظلم و جبر حد سے بڑھ رہا ہے، پاکستان کی معیشت بھی دیوالیہ ہونے کے قریب ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے اسمبلیاں تحلیل کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے اعلان دسمبر میں ہی ہو گا، ہم کسی صورت عوام کو اس امپورٹڈ ٹولے کی نااہلی کی سزا نہیں بھگتنے دیں گے۔

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

گوادر اور نیوی کا جشن

گوادر کو پاکستان میں شامل ہوئے 64 سال مکمل ہوگئے 8 دسمبر 1958 کو گوادر پاکستان کا حصہ بنا گوادر ڈے کے مناسبت سے پاک بحریہ کی جانب سے پی این ایس اکرم میں تقریب منائی گئی قومی پرچم لہرا کر سالگرہ کا کیک کاٹا گیا پاک بحریہ ہمارا مان اور اسکے جوان ہمارا فخر ہیں جو کئی کئی ماہ سمندر کے کھلے پانیوں میں زندگی گذارتے ہیں اگر انکے اختیار میں ہوتا تو آج گوادر دنیا کے حسین ترین شہروں میں شمار ہونے کے ساتھ ساتھ پوری دنیا کے لوگ یہاں کے حسن کا نظارہ کرنے کو ترستے لیکن ہمارے سیاستدانوں کی لڑائیاں اور لوٹ مار کی پالیسی نے اس شہر کو وہ نظارے نہیں بخشے اور نہ ہی ہمیں اسکا احساس ہے اور نہ ہی پرواہ گوادر تو بہت بڑی جگہ ہے پوری کائینات میں ایک چھوٹی سی چیز کی بھی آپ قدر اور حفاظت نہیں کرینگے تو وہ بھی برباد ہو جاتی ہے اور گوادر میں تو زندگی ہے اور زندگی کے سبھی رشتے ناطے give and take (دیں اور لیں) کے زریں اصول پر مبنی اور استوار کھڑے ہیں یہاں کوئی بھی رشتہ یکطرفہ اور مفت میں نہیں ہے حتیٰ کہ قدرت بھی اگر انسان کو دانائی عطا کر کے اسے اشرف المخلوق کا خطاب عطا کرتی ہے تو بدلے میں بجا طور پر اس سے اپنی فرمانبرداری کے علاوہ خدمت انسانیت کی توقع رکھتی ہے بالکل اسی طرح ہی اگر والدین اپنے محدود وسائل کے باوجود اپنے بچوں کو شہزادوں کی طرح پالتے پوستے ہیں تو بڑھاپے میں وہی والدین اپنے بچوں سے بھی یہ توقع رکھتے ہیں کہ انھیں بادشاہوں کی طرح رکھا جائے اسی طرح استاد اپنے شاگردوں سے دوست اپنے دوستوں سے رہنما اپنے پیروکاروں سے مالک اپنے ملازم سے خاوند اور بیوی ایک دوسرے سے ہر سائل متعلقہ افسر سے اور عوام اپنے لیڈر سے الغرض ہر رشتہ دوسرے رشتے سے کچھ نہ کچھ توقعات رکھتا ہے جنھیں پورا کر کے اس دنیا کو جنت کا عملی نمونہ بنایا جاسکتا ہے مگر ہم نے اپنے ہر رشتے کو نیست و نابود کر رکھا ہے بلوچستان کا ذکر ہے تو اعظم سواتی یاد آ گئے جنہیں اسلام آباد میں سبق سکھانے کے بعد بلوچستان میں گھسیٹا گیا وہ تو بھلا ہو ہائیکورٹ کا جنہوں نے انکے مقدمات ختم کروائے مگر پھر انہیں خصوصی جہاز سے سندھ پہنچا دیا گیا انکی دوران گرفتاری ان پر تشدد اور ننگی ویڈیو بنائی گئی وہ ایک سینٹر ہیں ایوان بالا کے ممبر ہیں اور انکے ساتھ یہ سلوک ہو رہا ہے تو پھر ہمارے ادارے ایک عام شہری کا کیا حشر کرتے ہونگے اور جب وہ شہری ان کے ظلم اور تشدد سے بچ کر نکل آئے تو پھر وہ بارود کی کونسی شکل اختیار کرتا ہوگا یہ تو ہماری بلوچی بھائی خوب جانتے ہونگے خیر میں بات کر رہا تھا گوادر کی جو بلوچستان کا حصہ اور پاکستان کے جنوب مغربی ساحل پر واقع ہے یہ شہر عمان کے بالمقابل بحیرہ عرب کے ساحل پر واقع ہے 2017 کی مردم شماری کے مطابق گوادر پاکستان کا 100 واں بڑا شہر ہے یہ 1783 سے 1958 تک عمان کا بیرون ملک قبضہ تھا اور تربت سے تقریباً 120 کلومیٹر (75 میل) جنوب مغرب میں ہے ایران کے صوبہ سیستان بندرگاہی شہر چابہار گوادر کے مغرب میں تقریباً 170 کلومیٹر (110 میل) کے فاصلے پر ہے۔ 2 اپریل 2021 کو گوادر کو جنوبی بلوچستان کے علاقے کا دارالحکومت قرار دیا گیا تھا گوادر 1797 میں مسقط اور عمان کی سلطنت کا حصہ بنا اور 1958 تک یہ قصبہ اور اس سے ملحقہ علاقوں کا عمان سے پاکستان میں تبادلہ نہیں ہوا گوادر ایک چھوٹی سی درمیانے درجے کی بستی تھی جس کی معیشت زیادہ تر کاریگر ماہی گیری پر مبنی تھی اس کے محل وقوع کی قدر کو سب سے پہلے 1954 میں تسلیم کیا گیا تھا جب اسے پاکستان کی درخواست پر یونائیٹڈ اسٹیٹس جیولوجیکل سروے نے گہرے پانی کی بندرگاہ کے لیے موزوں مقام کے طور پر شناخت کیا بدقسمتی سے اس علاقے کو گہرے پانی کی بڑی بندرگاہ بننے کی صلاحیت کو 2001 تک کسی پاکستانی حکومت نے خاطر میں نہیں لایا 2007 میں 248 ملین ڈالر کی لاگت سے کام شروع ہوا تو ابتدائی طور پر کئی وجوہات کی بنا پر کام رک گیا اپریل 2015 میں پاکستان اور چین نے 46 بلین ڈالر کے پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) کو تیار کرنے کے اپنے ارادے کا اعلان کیا جو ون بیلٹ ون روڈ کا حصہ بنتا ہے جس کا مقصد شمالی پاکستان اور مغربی چین کو گہرے پانی کی بندرگاہ سے جوڑنا ہے گوادر شہر ایک مائع قدرتی گیس کی سہولت کا مقام بھی ہوگا جو کہ 2.5 بلین ڈالر سے ایران پاکستان گیس پائپ لائن منصوبے کے حصے کے طور پر تعمیر ہونا تھا لیکن نہ ہوسکا اس شہر کو 8 دسمبر 1958 کو اس وقت کے وزیر اعظم نے مسقط او مان سے خرید کر پاکستان میں شامل کیا تھا مسقط سے یہ شہر بھارت خریدنا چاہتا تھا جس پر یہاں کے شہریوں نے شدید احتجاج کیا اور پھر اومان مسقط نے انڈین آفر مسترد کر کے گوادر کا سودا پاکستان سے کرلیا اور 8 دسمبر 1958 کو کوہ باتیل پر پاک بحریہ نے پاکستان کا قومی پرچم لہرا کر گوادر کو باقاعدہ پاکستان میں شامل کیا اس مقام پر گذشتہ روز ہونے والی سالگرہ پاکستان نیوی نے پرچم کشائی اور ملی نغموں سے منائی میں نے شروع میں لکھا تھا کہ ہمارے نیوی کے جوان ہمارا فخر ہیں کیونکہ جس وقت دنیا کے ساڑھے چھ لاکھ لوگ زمین سے ہزاروں فٹ بلند جہاز میں بیٹھے اڑ رہے ہوتے ہیں وہاں پر ہزاروں لوگ سمندر کی سطح سے نیچے آبدوز پر موجود ہوتے ہیں جہاں ان کی بڑی طاقت ان کی خاموشی ہوتی ہے۔

پانی رے پانی تیرا رنگ کیسا؟

ایم سرور صدیقی

امیر المومنین حضرت علیؓ سے کسی نے سوال کیا جناب پانی کا ذائقہ کیسا ہوتا ہے؟ امیر المومنینؓ نے بلا تامل فرمایا زندگی جیسا۔ جب سے دانش بھرا یہ جواب پڑھا ہے حیرت میں گم ہوں امیر المومنین حضرت علیؓ نے صدیوں پہلے زندگی بارے کیسی تلخ حقیقت آشکار کردی تھی۔ جنوبی ایشیاء، افریقی ممالک اور تیسری دنیا کے بیشتر ممالک میں عام آدمی کو جو پانی پینے کیلئے میسر ہے عام شکایات ہیں وہ کڑوا، گندہ، آلودہ ہوتا ہے المختصر وہ پینے کے قابل بھی نہیں ہوتا شاید اسی لئے زیادہ لوگوں کا لہجہ کڑوا، کپڑے گندے اور ذہن آلودہ رہتے ہیں یعنی پانی کے ذائقے والی زندگی۔ کہتے ہیں جب دنیا میں کچھ نہ تھا پانی تھا اور جب کچھ نہیں ہوگا تب بھی پانی ہی ہوگا پانی زندگی کی علامت ہے اور قدرت کا بیش قیمت تحفہ بھی جس کا کوئی نعم البدل نہیں۔ کرہ ارض پر ایک حصہ خشکی اور تین حصے پانی ہے اور خشکی کے نیچے بھی پانی۔۔ سوچنے کی بات ہے اللہ نے پانی کو کتنی فضیلت عطا کردی آب زم زم کو بھی پانی بنا دیا اس کے باوجود لوگوں کی قسمت کا کیا کیجئے اقوام متحدہ، عالمی ادارہ صحت اور نہ جانے کون کون سے اداروں کی حکمت عملیاں، این جی اوز، ایجنسیاں اور پھر حکومتوں کے اقدامات، کھربوں کے منصوبے، بلند بانگ دعوے پھر بھی دنیا کی بیشتر آبادی کو پینے کا صاف پانی میسر ہی نہیں یا کسی کو سرے سے پانی ہی دستیاب نہیں۔ یہ کتنے مزے کی بات ہے کہ پانی کا اپنا کوئی رنگ نہیں ہوتا اس کو جس سانچے ڈالو ڈھل جاتا ہے،، جس رنگ میں چاہو رنگ لو۔ جو زور آور چاہے دوسروں کا پانی بند کردے پانی کی طرف سے کوئی مزاحمت کوئی احتجاج نہیں۔۔ دنیا کے زیادہ تر انسانوں کو پینے کے صاف پانی کے حصول کیلئے بہت تردد کرنا پڑتا ہے اربوں کھربوں روپے ہر سال صاف پانی کے نام پر ہڑپ کرلئے جاتے ہیں محض بنگلہ دیش، نیپال، برما، بھارت، خلیجی ممالک، افریقہ پر ہی موقوف نہیں دنیا میں ہر جگہ ایسے ہی ہوتا ہے فرق یہ ہے کہ نوآبادیاتی ریاستوں اور ممالک میں اشرافیہ کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہوتا ایک اور بات پاکستان میں تھرپارکر، جہلم، مری، ایبٹ آباد کے مضافاتی علاقے، چولستان اور کشمیر کی کئی آبادیوں میں لوگوں کو یہ پانی بھی میسر نہیں ہے بعض مقامات پر خواتین اور بچے کئی کئی میل دور پیدل چل کر اپنے گھروں میں پینے کیلئے پانی لاتے ہیں خشک سالی سے ہر سال سینکڑوں افراد اور لاکھوں جانور بلک بلک اور تڑپ تڑپ کر بھوک کے پیاسے ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرجاتے ہیں یہی حال بھارت کے دور دراز کے علاقوں، بنگلہ دیش کی زیادہ آبادی، افریقی ممالک کے وسیع و عریض جنگلوں، صحراؤں اور آبادیوں کی حالت انتہائی ابتر ہے۔

"عالمی یوم انسداد بدعنوانی اور ملک میں کرپشن کا راج"

نسیم الحق زاہدی

دنیا کے ان تمام ممالک کے لئے 9 دسمبر کی تاریخ بے حد اہمیت کی حامل ہے، جہاں بدعنوانیاں عام ہیں۔ جس کے باعث ان ممالک کی ترقی، خوشحالی اور معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ کرپشن ایسے ممالک کے اندر تعلیم، صحت، عدلیہ، جمہوریت، اور عوامی خوشحالی پر بہت شدت سے اثر انداز ہوتی ہے۔ ان مسائل کے سدباب کے لئے اقوام متحدہ نے 31 اکتوبر 2003ء کو ایک قرارداد کے ذریعہ ہر سال 9 دسمبر کی تاریخ کو انسداد بدعنوانی کا عالمی دن منانے فیصلہ کیا تھا۔ جس کا مقصد بدعنوانی کے خلاف مہم چلا کر اس کے مضر اثرات سے قوموں کو باخبر کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے خاتمے کے لئے رائے عامہ تیار کرنے کو ضروری قرار دیا گیا تھا۔ اس سلسلے میں اس بات کے خدشہ کا بھی اظہار کیا گیا تھا کہ بدعنوانی کا خاتمہ صرف قوانین بنانے سے نہیں ہوگا، بلکہ معاشرے کے اندر کرپشن سے ہونے والے نقصانات سے منظم اور منصوبہ بند مہم کے ذریعہ ہی ہر فرد کو اس کی ذمہ داری کا احساس کرانے اشد ضرورت ہے۔ اقوام متحدہ کا کنونشن برائے تدارک بدعنوانی UNITED (UNCAC) NATIONS CONVENTION AGAINST CORRUPTION ممبر ممالک کی جانب سے ایک یادداشت اور اظہار یک جہتی ہے جس میں اس بات کا اعادہ کیا گیا ہے کہ بین الاقوامی سطح پر بدعنوانی کے تدارک پر کام کیا جائے گا۔ عالمی سطح پر کرپشن کے خلاف مندرجہ ذیل سلوگن Slogan تقسیم دیئے گئے ہیں۔ آپ کا انکار کہ کوئی آپ کو بدعنوانی پر مجبور کرے۔ کرپشن سب سے بڑا مرض ہے اور شفافیت اس کا بہترین علاج ہے۔ جو لوگ کرپٹ، سیاستدان، چور اور منافق لوگوں کو چنتے ہیں وہ اس بدعنوانی کا شکار ہیں بلکہ شامل ہوتے ہیں۔ کرپشن کے رویہ کو ایک غیر انسانی فعل قرار دیا جائے۔ عام شخص پر کرپشن کے سب سے زیادہ اثرات ہوتے ہیں۔ کرپشن ترقی کے عمل کا سب سے بڑا دشمن ہے۔ بلاشبہ کرپشن ایک ایسا گھن ہے، جو بڑھتے بڑھتے نہ صرف سماج اور قوم کو بلکہ پورے ملک کو اندر ہی اندر کھوکھلا کر دیتا ہے۔ کوئی بھی معاشرہ تب تک ترقی نہیں کرسکتا جب تک اس معاشرے میں بدعنوانی کے عناصر موجود ہوں، جہاں میرٹ کو پامال کیا جائے، جہاں شفافیت کا وجود نہ ہو، جہاں اقربا پروری ہو، جہاں لوٹ کھسوٹ ہو، جہاں عوام کے ٹیکس کا پیسہ محفوظ نہ ہو۔ کرپشن ایک ایسا مرض ہے جو کہ کسی معاشرہ کی جڑوں کو کھوکھلا کردیتا ہے اور اس کی موجودگی میں ترقی کی راہ اور عام افراد کے حقوق پامال ہوتے ہیں۔ کرپشن کی ایک بڑی وجہ قانون کی حکمرانی کا فقدان ہے ایک سخت اور کڑا احتساب ہی کرپشن کے خاتمے کا ضامن ہے۔ کرپشن کے خاتمے میں عدلیہ کا کردار ایک اہم حیثیت کا حامل ہے کیونکہ معاشرے میں قانون کی حکمرانی اور انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا عدلیہ کے فرائض میں شامل ہے۔ ہمیں اپنے نوجوانوں کو کرپشن کے خاتمے کے لئے آگاہی فراہم کرنی ہوگی اور رول ماڈل بن کر سامنے آنا ہوگا۔ کرپشن کے خاتمے کے لئے کرپٹ عناصر کو سخت سزائیں دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نظر اٹھا کر دیکھئے، جن ممالک میں بھی معاشی کرپشن کی زیادتی ہوئی، اس نے پورے ملک کو کھوکھلا، کمزور اور بے وقعت کردیا ہے۔ اس صورت حال کو جاننے کے لئے، بس ہر سال مختلف اداروں کے ذریعہ جاری ہونے والے سروے ہی پر ایک نظر ڈال لیں، تو اندازہ ہو جائے گا کہ کرپشن سے شائد ہی کوئی ملک بچا ہے۔ ہم اس تلخ حقیقت سے انکار نہیں کرسکتے ہیں کہ ملک کی موجودہ صورت حال اس امر کو تقویت بخشتا ہے کہ سیاست اور کرپشن کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ انگریزی کے مشہور تاریخ داں لارڈ ایکٹن (1834ء-1902ء) نے موجودہ حالات کی پیشین گوئی کرتے ہوئے لکھا تھا کہ "اقتدار، کرپٹ کرتا ہے اور بے کراں اقتدار لامحدود طور پر بدعنوان کرتا ہے"۔ عصری تناظر میں اس کی معنویت اس لئے بڑھ جاتی ہے کہ جہاں جہاں اقتدار حاصل کرنے کے لئے جوڑ توڑ کو راہ دی جاتی ہے، وہاں وہاں کرپشن میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ ایسے بدترین حالات میں 9 دسمبر کی یہ تاریخ نہ صرف ملک کی سماجی معیشت کے لئے بلکہ ملک کی خوشحالی اور ترقی کے لئے کافی اہم ہے کہ اگر حکومت، ملک کے اندر بہت تیزی سے پھیل چکی بدعنوانیوں کے انسداد پر مثبت رویہ اختیار کرتی ہے، تو بہت ممکن ہے کہ کرپشن کے سلسلے میں ہر سال جاری ہونے والی مختلف فہرستوں میں ہمارے ملک کا نام ڈھونڈنے سے بھی نہ ملے اور ہم اس بات پر فخر کریں کہ ہمارا ملک بدعنوانیوں سے پاک ہے۔ کاش ایسا ممکن ہو سکے۔ مختلف شعبہ ہائے زندگی جیسے کاروبار، سیاست، میڈیا اور سول سوسائٹی میں عالمی سطح پر احتساب اور جوابدہی کے تصور کی ضرورت ہے۔ بدعنوانی پر نظر رکھنے والی عالمی تنظیم ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کی دنیا کے 180 ممالک میں بدعنوانی کے تاثر کے بارے میں جاری کردہ سالانہ رپورٹ کے مطابق پاکستان کی درجہ بندی تین پوائنٹس کم ہونے کے بعد 124 سے گر کر 140 تک پہنچ گئی ہے۔ اور گذشتہ 11 برسوں میں یہ پاکستان کی سب سے بُری درجہ بندی ہے۔ بانیء پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے وصال کے فوری بعد ہی دولت کے پجاریوں کا گروہ اپنا مطلب نکالنے میں لگ گیا تھا۔

تقویٰ اختیار کرو

ایم سرور صدیقی

درگاہ میں ایک شخص نے دوسرے سے پوچھا اسلام کے کتنے بنیادی ارکان ہیں؟ پانچ۔ اس نے جواب دیا۔ کلمہ شہادت، حج، روزہ، نماز اور زکوۃ

یہ سن کر قریب بیٹھے ہوئے حضرت بابا فرید گنج شکرؒ نے کہا چھٹے کو بھی شمار کرلو۔۔ انہوں نے استفسار کیا کہ باباجی اسلام کا چھٹا رکن کون سا ہے؟۔۔ انہوں نے بڑی متانت سے فرمایا بھوک

پیٹ نہ پیاں روٹیاں
تے ساری گلاں کھوٹیاں

ہم ذرا غور تو کریں بھوک غربت کی کوکھ سے جنم لیتی ہے بھوک اتنی نامراد شے ہے کہ یہ جسم فروشی تک مجبور کردیتی ہے انسان کو کفر تک لے جاتی ہے اسی لئے غربت سے تو نبیٔ اکرم ﷺ نے بھی پناہ مانگی ہے غربت تمام برائیوں کی ماں کہا جاسکتا ہے پاکستان میں کچھ عرصہ قبل دو آدم خور بھائی پکڑے گئے تھے جنہوں نے یہ خوفناک انکشاف کیا کہ انہوں نے بھوک سے تنگ آکر مردوں کو قبروں سے نکال کر کھانا شروع کردیا ان کی داستان سن کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

عبدالحمید ایک غریب طالب علم تھا انتہائی خوبرو، علم کا متلاشی، دوسروں سے قطعی مختلف۔۔ کچھ کلاس فیلو موج مستی بھی کرتے کھیل کود میں بھی وقت گذار دیتے لیکن وہ دن رات کتابیں پڑھتا، اساتذہ اور علماء سے کچھ نہ کچھ سیکھنے کی جستجو میں لگا رہتا وہ تھا تو بہت زیادہ غریب لیکن اسے اپنی عزت نفس بہت پیاری تھی یہ مدرسہ ایک مسجد سے متصل تھا جو ایک قدیمی محلہ میں واقع تھا اور وہاں تمام مکانات قدیمی طرز پر اس طرح بنے ہوئے ہیں کہ ایک دوسرے کی چھتیں آپس میں ملی ہوئی ہیں اور چھتوں سے ہی سارے محلہ میں جایا جاسکتا ہے اسے کچھ ملا تو کھا کر خدا کا شکر ادا کرلیا ورنہ بھوکا پیاسا رہ کر صرف علم کے حصول کے لئے کوشاں رہنا ہی اس کی زندگی کا مقصد تھا اسے کسی سے مانگتے تو اسے بہت شرم آتی تھی۔ سردیوں کا موسم آیا تو اس کی مشکلات میں اضافہ ہوتا چلا گیا کیونکہ یہاں کافی برف باری ہوتی تھی جس کے باعث مدرسے میں آنے والوں کی تعداد کم سے کم ہوتی چلی گئی پہلے پہل صرف چند نمازی ہی آنے لگے پھر موسم کی شدت میں اضافہ ہوا تو ان میں سے کئی آنا بند ہوگئے مدرسے کے اساتذہ کرام بھی فاقے کرنے لگے لیکن اس کے باوجود سب یہ سختیاں حصول علم کے لئے برداشت کر رہے تھے پھر وہ وقت بھی آیا کہ دو روز گزر گئے کہ عبدالحمید نے کچھ نہیں کھایا تھا کیونکہ اس کے پاس کھانے کے لئے کوئی چیز نہیں تھی اور نہ ہی کھانا خریدنے کے لئے کوئی پیسہ اس کے پاس تھا جب بھی بھوک ستاتی وہ پانی پی لیتا تیسرے روز بھوک کی شدت سے اس کی حالت خیر ہونا شروع ہوگئی اس نے احساس کیا کہ وہ مرنے کے قریب ہے! وہ سوچنے لگا کہ اب میں اضطراری حالت میں ہوں کہ شرعی طور پر جان بچانے کے لئے حرام جائز ہوجاتا ہے اب عبدالحمید نے سوچا کیا ضرورت کے لئے چوری کرنا جائز ہے؟ اس کے دل و دماغ نے اثبات میں سر ہلا دیا دمشق کے ممتاز ادیب شیخ علی طنطاوی نے اپنی یادداشتوں میں لکھا ہے یہ سچا واقعہ ہے اور میں ان لوگوں کو اچھی طرح جانتا ہوں اور اس واقعہ کی تفصیل سے آگاہ ہوں ساتویں ہجری میں ایک مسلمان بادشاہ نے اس کو خرید کر وہاں ایک مسجد تعمیر کرائی پہلے اس کا کوئی اور نام تھا پھر اس مسجد کا نام توبہ رکھا گیا اس کا یہ نام رکھنے کی ایک خاص وجہ یہ ایک واقعہ ہے جس کے بارے میں میں بتانا چاہتا ہوں کہ اللہ کے نزدیک توبہ کا کیا مقام ہے ہاں تو یہ مسجد ایک قدیمی محلہ میں واقع تھی اور وہاں تمام مکانات قدیمی طرز پر اس طرح بنے ہوئے تھے کہ ایک دوسرے کی چھتیں آپس میں ملی ہوئی ہیں جس سے سارے محلہ میں کسی بھی مکان تک جایا جاسکتا تھا بھوک اور پیاس سے تنگ آکر عبدالحمید ڈرتے ڈرتے مسجد کی چھت پر گیا اور وہاں سے محلہ کے گھروں کو چوروں کی طرح پھلانگتا ہوا ایک طرف چل دیا پہلے گھر کی چھت پر پہنچا تو وہاں کچھ خواتین کے شور کی آوازیں صاف سنائی دینے لگیں وہ بے آواز چلتا ہوا دوسرے گھر کی چھت پر چلا گیا وہاں اس نے ایک بچے کے رونے کی آواز سنی وہ دبک کر پیچھے ہٹا تو اگلے گھر کی چھت پر جا پہنچا وہاں کسی قسم کی کوئی سرگرمی محسوس نہ ہوئی خوف اور ندامت سے اس کا پورا جسم پسینے میں نہا گیا وہ چپکے سے سیڑھیاں اترنے لگا گھر میں جیسے کوئی ذی روح نہ ہو وہ لپک کر کچن میں جا گھسا جہاں سے کھانے کی بھینی بھینی خوشبو آرہی ہے۔ بھوک کی شدت میں جب کھانے کی خوشبو اس کے دماغ میں پہنچی تو آہن ربا کی مانند اس کو اپنی طرف کھینچ لیا وہ فوراً باورچی خانے میں پہنچا۔ تجسس اور بھوک سے بے تاب ہوکر اس نے دیگچی کا ڈھکن اوپر اٹھایا تو اس میں بھرے ہوئے بینگن کا سالن تھا۔ وہ سوچنے لگا یہ بھوک بھی کیسی ظالم چیز ہے انسان کے لئے حرام کو جائز بنادیتی ہے اس نے ایک بینگن اٹھایا بھوک کی شدت نے اس کے گرم ہونے کی بھی پرواہ نہیں کی اس نے انتہائی بے تابی اور ندیدوں کی طرح بینگن کو دانتوں سے کاٹا اور جیسے ہی نگلنا چاہا عبدالحمید کی عقل و ضمیر کے درمیان کش مکش ہونے لگی بھوک کہنے لگی اسے جلدی سے کھالو یہ نہ ہو کوئی آن پہنچے اور تم مارے بھوک کے بے ہوش ہوکر کہیں گر نہ جاؤ ضمیر نے ملامت کی بھوک سے مجبور ہو کر چوری کرنا انتہائی گھٹیا حرکت اور کمینگی ہے پھر اس کا ایمان جاگ اٹھا اپنے آپ سے کہنے لگا اللہ تعالیٰ مجھے معاف کرے اپنی پناہ میں رکھے! میں طالب علم ہوں جس کی زندگی کا مقصد علم کا حصول ہونا چاہیے چوری کرنا نہیں یہ زیبا نہیں دیتا کہ کسی کے گھر میں گھس کر چوری کرو؟؟ اسے اپنے آپ سے گھن آنے لگی اسے اپنے اس فعل پر شرم آنے لگی وہ دل ہی دل میں پشیمان ہوگیا اس نے استغفار کیا اور پھر بینگن کو واپس دیگچی میں رکھ دیا وہ جیسے آیا تھا ویسے ہی سراسیمہ واپس لوٹ گیا بھوکا، پیاسا، نامراد۔ وہ مسجد میں داخل ہوا اللہ کے حضور سربسجدہ ہوگیا کہ اس نے ایک گناہ سے بچالیا تھا پھر وہ بے جان قدموں سے مسجد سے متصل مدرسے میں اپنے شیخ کے حلقہ درس میں شامل ہوگیا بھوک کی شدت سے وہ کچھ سمجھ نہیں پا رہا تھا کہ شیخ کیا درس دے رہے ہیں؟ اسی دوران ایک خاتون مکمل حجاب میں وہاں آئی۔ (اس زمانے میں خواتین بغیر حجاب کے کہیں جانے آنے کا تصور بھی نہیں کرتی تھیں) خاتون نے شیخ سے کچھ گفتگو کی اور عبدالحمید ان دونوں کی گفتگو نہیں سمجھ سکا اس کی آنکھوں کے سامنے کبھی روٹی اور کبھی بینگن کا تصور ابھر رہا تھا وہ اٹھنے ہی لگا تھا کہ شیخ نے اپنے چاروں اطراف نظر دوڑائی عبدالحمید کے علاوہ وہاں کوئی بھی نہ تھا اس کو آواز دے کر پوچھا عبدالحمید کیا تم شادی شدہ ہو؟

عبدالحمید نے نفی میں جواب دیتے ہوئے کہا: نہیں!

شیخ نے کہا: تم شادی کرنا چاہتے ہو؟

عبدالحمید کے لب کپکپائے وہ خاموش ہوکر رہ گیا... اس کے سامنے تو بھوک ناچ رہی تھی وہ سوچنے لگا مجھے خود روٹی کے لالے پڑے ہوئے ہیں میں نے شادی کرلی تو بیوی کو کہاں سے کھلاؤں گا؟

شیخ نے پھر کہا: مجھے بتاؤ تم شادی کرنا چاہتے ہو یا نہیں؟ خاتون بھی اس کی طرف دیکھ رہی تھی

عبدالحمید نے جواباً کہا خدا کی قسم میرے پاس ایک لقمہ روٹی کے لئے پیسے نہیں ہیں میں کس طرح شادی کروں؟

شیخ نے کہا: یہ خاتون آئی ہے اس نے مجھے بتایا ہے کہ اس کا شوہر وفات پاگیا ہے اور اس شہر میں بیکس ہے اور اس کا دنیا میں سوائے ایک ضعیف چچا کے کوئی عزیز و رشتہ دار نہیں ہے اسے آسرا چاہیے کچھ لوگ اس کی جائداد پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں یہ خاتون اپنے چچا کو ساتھ لیکر آئی ہے.... اور وہ اس وقت اس مسجد کے ایک گوشہ میں بیٹھا ہوا ہے.. اگر تم ہاں کردو تو میں اسے بلالیتا ہوں. اور اس خاتون کو اس کے شوہر سے گھر اور مال وراثت میں ملا ہے۔ شیخ بولے تو پھر بولتے ہی چلے گئے اب یہ آئی ہے اور ایسے مرد سے شادی کرنا چاہتی ہے جو شرعاً اس کا شوہر اور اس کا سرپرست ہو۔

Show Biz
شوبز کارنر

SPORTS
کھیل کھلاڑی

سانولی رنگت کی وجہ سے مجھے 'کالی بلی' پکارا جاتا تھا، پریانکا چوپڑا

سانولی رنگت کی وجہ سے دیگر ساتھیوں کے مقابلے دگنی محنت کرنی پڑتی تھی، اداکارہ

ممبئی (اے ایف پی) بالی وڈ کی مشہور و معروف اداکارہ پریانکا چوپڑا نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں سانولی رنگت کی وجہ سے بولی وڈ میں 'کالی بلی' کے نام سے بلایا جاتا تھا۔ اپنے ایک انٹرویو میں پریانکا چوپڑا نے بتایا کہ جب انہوں نے بولی وڈ میں کام کرنا شروع کیا تو سانولی رنگت کی وجہ سے ان کی بے عزتی کی گئی اور کالی بلی بھی بلایا جاتا تھا۔ اداکارہ نے کہا کہ مجھے یقین تھا کہ میرے اندر بہت ٹیلنٹ ہے لیکن اس کے باوجود مجھے اپنے دیگر ساتھیوں کے مقابلے دگنی محنت کرنی پڑتی تھی کیونکہ میری رنگت گوری نہیں تھی۔

آرٹس کونسل میں آئندہ دو سال کیلئے احمد شاہ اعجاز فاروقی پینل بلا مقابلہ منتخب

10 دسمبر کاغذ واپس لینے کی آخری تاریخ ہے جس کے بعد حتمی فہرست آویزاں کی جائے گی

کراچی (اے ایف پی) آرٹس کونسل آف پاکستان میں آئندہ دو سال کے لیے احمد شاہ اعجاز فاروقی پینل کے عہدیدار بلا مقابلہ منتخب ہوگئے ہیں، گورننگ باڈی کی 12 نشتوں کے لیے 21 کاغذات جمع کیے گئے۔ بلا مقابلہ منتخب ہونے والوں میں محمد احمد شاہ (صدر)، منور سعید (نائب صدر)، پروفیسر اعجاز فاروقی (سیکریٹری)، نورالہدی شاہ (جوائنٹ سیکریٹری) اور قدسیہ اکبر (خازن) شامل ہیں۔ ممبر گورننگ باڈی کے لیے سید شہزاد رضا نقوی، سید ساجد حسن، نصرت حارث، چاند گل شاہ، عمران مومنہ، اقبال لطیف، سید سعادت علی جعفری، شکیل خان، ڈاکٹر ایس ایم قیصر سجاد، اخلاق احمد خان، کاشف گرامی، سید اسجد بخاری، شہناز وزیر علی، غازی صلاح الدین، محمد بشیر خان سدوزئی، ناصرہ زبیری، محمد ایوب شیخ، عنبرین حسیب عنبر، ڈاکٹر ہما میر، فرخ تنویر شہاب اور محمد طارق مغل نے کاغذات جمع کروائے۔

سلمان خان اداکارہ پوجا ہیگڈے کو ڈیٹ کرنے لگے

اداکارہ کو بالی ووڈ سٹار کے پروڈکشن ہاؤس کی دو فلموں کیلئے بھی سائن کرلیا گیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سٹار سلمان خان جو ماضی میں اپنی گرل فرینڈز کی وجہ سے ہمیشہ سرخیوں میں رہے اب ایک بار پھر ان کا نام ساتھی اداکارہ کے ساتھ جوڑا جا رہا ہے۔ بھارتی میڈیا کا دعوی ہے کہ سپر اسٹار سلمان خان اپنی آنے والی فلم کسی کا بھائی کسی کی جان میں کام کرنے والی اداکارہ پوجا ہیگڈے کو ڈیٹ کر رہے ہیں۔ اس بات کا انکشاف بالی وڈ انڈسٹری پر گہری نظر رکھنے والے ٹوئٹر صارف عمیر سندھو نے اپنی ٹوئٹ میں کیا۔ انہوں نے ٹوئٹ میں لکھا کہ تازہ خبر، بالی وڈ میں ایک نئی جوڑی کا اضافہ، سلمان خان پوجا ہیگڈے کو ڈیٹ کر رہے ہیں۔



ٹائیٹنک کی گلوکارہ پراسرار بیماری کا شکار ہوگئیں

طویل عرصے سے طبی مسائل کا مقابلہ کر رہی تھی، اب میرے لئے ان کا سامنا کرنا مشکل ہوگیا ہے

ٹورنٹو (این این آئی) کینیڈین گلوکارہ سلین ڈیون نے انکشاف کیا ہے کہ وہ ایک غیر معمولی اعصابی بیماری کی شکار ہوگئی ہیں۔ انسٹاگرام پر ایک ویڈیو پیغام میں گلوکارہ نے انکشاف کیا کہ ڈاکٹروں نے stiff person syndrome نامی عارضے کی تشخیص کی ہے جس کا سامنا بہت کم افراد کو ہوتا ہے، اس بیماری میں مریض کو مسلز اکڑ جانے اور تکلیف دہ تشنج کا سامنا ہوتا ہے۔ گلوکارہ نے بتایا کہ میں پہلے یہ کہنے کیلئے تیار نہیں تھی مگر اب تیار ہوں، میں طویل عرصے سے طبی مسائل کا مقابلہ کر رہی تھی اور اب میرے لیے ان مسائل کا سامنا کرنا بہت مشکل ہوگیا ہے۔

صبا فیصل کے لاتعلقی کے اعلان کے بعد بہو نیہا کی سوشل میڈیا پر پوسٹ

اسلام آباد (اے ایف پی) معروف اداکارہ صبا فیصل کی جانب سے بیٹے اور بہو سے لاتعلقی کے اعلان کے بعد ان کی بہو نیہا نے بھی خاموشی توڑ دی۔ صبا فیصل کی بہو نے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر ایک پوسٹ شیئر کی جس میں انہوں نے اپنی ساس اور نند کو بغیر نام لیے تنقید کا نشانہ بنایا۔ نیہا سلیمان نے لکھا کہ اپنی زندگی کا موازنہ ان کے ساتھ ہرگز نہ کریں جو حرام کے مزے لیتے ہیں۔ ہوسکتا ہے وہ آپ سے زیادہ کامیاب نظر آئیں۔

شاہ رخ خان کی فلم 'دل تو پاگل ہے' بلیک میں دیکھی' ایوشمان کھرانہ

ایوشمان کھرانہ کا شاہ رخ خان کے حوالے سے اپنے دلی جذبات کا اظہار



ممبئی (اے ایف پی) بالی ووڈ اداکار ایوشمان کھرانہ نے ایک بار پھر شاہ رخ خان کے حوالے سے اپنے دلی جذبات کا اظہار کردیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق نئی دہلی میں ایک ایونٹ میں گفتگو کے دوران ایوشمان کھرانہ نے شاہ رخ خان اور دل تو پاگل ہے فلم سے متعلق انکشافات کیے۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے ایس آر کے کی فلم دل تو پاگل ہے بلیک میں ٹکٹ لے کر اور کھڑے ہو کر دیکھی۔ ایوشمان کھرانہ جو شاہ رخ خان کے ڈائی ہارڈ فین ہیں اور مختلف مواقعوں پر کہہ چکے ہیں۔

دی لیجنڈ آف مولا جٹ نے عالمی سطح پر ایک اور سنگ میل عبور کرلیا

پاکستانی فلم دی لیجنڈ آف مولا جٹ کو صارفین نے سب سے زیادہ سرچ کیا



کراچی (این این آئی) پاکستان کی مہنگی ترین فلم دی لیجنڈ آف مولا جٹ نے معروف ٹی وی شو مس مارویل کو شہرت کے معاملے میں پیچھے چھوڑتے ہوئے ایک اور سنگ میل عبور کرلیا۔ انٹرنیٹ کی سب سے بڑی کمپنی گوگل نے سرچ انجن پر سنہ 2022ء میں سب سے زیادہ تلاش کیے جانے والے مواد کی فہرست جاری کردی۔ گوگل کی جانب سے جاری ہونے والی فہرست کے مطابق پاکستانی فلم دی لیجنڈ آف مولا جٹ کو صارفین نے سب سے زیادہ سرچ کیا جبکہ دوسرے نمبر پر معروف ڈرامہ مس مارویل رہا۔ علاوہ ازیں سب سے زیادہ سرچ ہونے والی فہرست میں بلیک ایڈم، تھور لو اینڈ تھنڈر، ڈاکٹر اسٹرینج بالترتیب تیسرے چوتھے پانچویں نمبر پر رہا جبکہ پاکستانی فلم لندن نہیں جاؤں گا فہرست میں ساتویں اور قائداعظم زندہ باد آٹھویں نمبر پر رہی۔

بھارت کی کارکردگی کرپٹو سے تیز گر رہی ہے' وریندر سہواگ

کارکردگی بہتر کرنے کی ضرورت ہے، سابق بھارتی کرکٹر کا بنگلہ دیش کیخلاف کارکردگی پر ردعمل

ممبئی (این این آئی) سابق بھارتی کرکٹر وریندر سہواگ نے بنگلادیش کے خلاف بھارتی ٹیم کی کارکردگی پر طنز کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے اپنے پیغام میں وریندر سہواگ نے بھارتی ٹیم پر طنز کرتے ہوئے کہا کہ کرپٹو سے بھی تیز گر رہی ہے اپنی کارکردگی یار۔ وریندر سہواگ نے بھارتی ٹیم پر طنز کرتے ہوئے مشورہ بھی دیا۔ بنگلادیش کے خلاف مسلسل دوسری شکست پر وریندر سہواگ نے کہا کہ کارکردگی بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔ واضح رہے کہ بدھ کے روز کھیلے گئے دوسرے ون ڈے میچ میں بنگلا دیش نے بھارت کو شکست دے کر 3 میچوں کی سیریز میں دو صفر کی فیصلہ کن برتری حاصل کرلی ہے۔ بنگلادیش نے دوسرے ایک روزہ میچ میں بھارت کو 5 رنز سے شکست دی تھی۔ میرپور میں کھیلے گئے میچ میں بنگلادیش نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 7 وکٹ پر 271 رنز بنائے اور بھارت کے لیے 272 رنز کا ہدف سیٹ کیا تھا۔ بھارتی ٹیم مقررہ اوورز میں 9 وکٹ پر 266 رنز بنا سکی تھی۔ سابق بھارتی کرکٹر وریندر سہواگ نے بنگلادیش کے خلاف بھارتی ٹیم کی کارکردگی پر طنز کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے اپنے پیغام میں وریندر سہواگ نے بھارتی ٹیم پر طنز کرتے ہوئے کہا کہ کرپٹو سے بھی تیز گر رہی ہے اپنی کارکردگی یار۔ وریندر سہواگ نے بھارتی ٹیم پر طنز کرتے ہوئے مشورہ بھی دیا۔

پرتگال کے نوجوان اسٹرائیکر نامی گرامی فٹبالرز پر بھاری پڑ گئے

تابڑ توڑ حملوں نے سوئس فٹبال ٹیم کا بھرکس نکال دیا، 1-6 سے فتحیاب

کراچی (اے ایف پی) نوجوان گونسالو راموس نامی گرامی فٹبالرز پر بھاری پڑ گئے جب کہ پرتگال کی جانب سے موقع ملتے ہی ورلڈ کپ میں پہلی ہیٹ ٹرک جڑ دی۔ گونسالو راموس نے پرتگال کی جانب سے موقع ملتے ہی پہلے ورلڈ کپ اسٹارٹ کو ہی ہیٹ ٹرک سے یادگار بنالیا، ان کی شاندار کارکردگی کی بنیاد پر ٹیم نے سوئٹزرلینڈ کو 1-6 سے مات دے کر 16 برس بعد پہلی مرتبہ کوارٹر فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا۔ کوچ فرنانڈو سانتوس نے ملک کے آل ٹائم ٹاپ اسکورر کرسٹیانو رونالڈو کو بینچ پر بٹھاتے ہوئے بینفیکا کے فارورڈ راموس کو لائن کی لیڈنگ کا موقع دیا، 21 سالہ فٹبالر نے ورلڈ کپ سے صرف 3 روز قبل ایک دوستانہ میچ میں ڈیبو کیا تھا، اس مقابلے سے قبل قطر میں انھیں بطور متبادل صرف 10 منٹ کھیلنے کا موقع میسر آیا تھا۔

بے نظیر بھٹو شہید نیشنل ٹینس چیمپین شپ کے ڈراز کا اعلان 11 دسمبر کو کیا جائے

اسلام آباد (اے ایف پی) بے نظیر بھٹو شہید نیشنل ٹینس چیمپین شپ کے ڈراز کا اعلان 11 دسمبر کو کیا جائے گا۔ یہ چیمپین شپ اسلام آباد ٹینس کمپلیکس کے زیر اہتمام اور سندھ سپورٹس بورڈ کے تعاون سے 12 دسمبر سے اسلام آباد ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں شروع ہوگی۔ چیف آرگنائزر سابق ڈیوس کپ کوچ فضل سبحان نے بتایا کہ چیمپین شپ کی ڈراز کمیٹی کا اجلاس اتوار کو کامران خلیل کی زیر صدارت منعقد ہوگا۔ اجلاس کے بعد ٹورنامنٹ کے ڈراز کا اعلان کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ چیمپین شپ میں ملک بھر سے تین سو سے زائد مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ چیمپین شپ میں تیرہ کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔ جن میں مینز سنگلز اینڈ ڈبلز، لیڈیز سنگلز، بوائز انڈر 18، گرلز انڈر 18، بوائز انڈر 14، گرلز انڈر 14، گرلز بوائز انڈر 12، گرلز بوائز انڈر 10، سپیشل چیلڈ، سینئر ڈبلز 45 پلس، سینئر ڈبلز 60 پلس اور اوپن میڈیا کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔ ایونٹ کے پری کوالیفائنگ مقابلے 12 دسمبر کو اور مین راؤنڈ 13 دسمبر سے شروع ہونگے۔ کوارٹر فائنل 16 دسمبر کو، سیمی فائنل مقابلے 17 دسمبر کو جبکہ فائنل مقابلے 18 دسمبر کو کھیلے جائیں گے۔ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب 18 دسمبر کو شام تین بجے ہوگی۔

انجری میں گھری پاکستان کرکٹ ٹیم کیلئے اچھی خبر سامنے آگئی

فاسٹ بولر نسیم شاہ نے انجری میں بہتری آنے کے بعد بولنگ پریکٹس شروع کردی

ملتان (اے ایف پی) انجری میں گھری پاکستان کرکٹ ٹیم کے لیے اچھی خبر سامنے آگئی، فاسٹ بولر نسیم شاہ نے انجری میں بہتری آنے کے بعد ملتان میں بولنگ پریکٹس شروع کر دی۔ پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان ملتان ٹیسٹ سے قبل نسیم شاہ کندھے کی انجری کا شکار ہوگئے تھے جس کے باعث انہیں ٹیم میں شامل نہیں کیا گیا تھا۔ تاہم اب انہوں نے ملتان میں بولنگ پریکٹس شروع کر دی ہے، امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ نسیم شاہ سیریز کے تیسرے ٹیسٹ میچ سے قبل فٹ ہوجائیں گے جو کہ 17 دسمبر سے کراچی میں کھیلا جانا ہے۔



بیلجیئم کے کپتان ایڈن ہیزرڈ نے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا

دوحہ (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ میں خراب کارکردگی کے بعد بیلجیئم کے کپتان ایڈن ہیزرڈ نے انٹرنیشنل فٹبال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق بیلجیئم کی ٹیم گروپ اسٹیج کے مرحلے سے آگے نہیں جاسکی تھی۔ رپورٹس کے مطابق ایڈن ہیزرڈ نے گروپ ایف میں تینوں میچز کھیلے تاہم وہ کوئی گول کرنے میں کامیاب نہیں ہوئے تھے۔ فٹبال ورلڈ کپ کے گروپ ایف میں بیلجیئم نے کینیڈا کو ہرایا تھا جبکہ مراکش سے اسے شکست اور کروشیا کے خلاف میچ برابر رہا تھا۔

رونالڈو کو اکیلا چھوڑ دینے کا وقت آ گیا' کوچ

میچ نہ کھیلنے کے باعث بینچ پر بیٹھنے والا ہر کھلاڑی ناخوش ہوتا ہے' پریس کانفرنس

دوحہ (اے ایف پی) پرتگال فٹبال ٹیم کے کوچ فرنانڈو سینٹوز پر ایک بار پھر کرسٹیانو رونالڈو سے متعلق سوالات کی بوچھاڑ کردی گئی۔ قطر میں نیوز کانفرنس کے دوران فرنانڈو سینٹوز نے کہا کہ کرسٹیانو رونالڈو کو اکیلا چھوڑ دینے کا وقت آ گیا ہے۔ پریس کانفرنس میں فرنانڈو سینٹوز نے سوئٹزر لینڈ کے خلاف میچ میں کرسٹیانو رونالڈو کو نہ کھلانے سے متعلق بھی تفصیل سے بات کی۔ فرنانڈو سینٹوز نے بتایا کہ میچ والے دن کھانے کے بعد رونالڈو سے گفتگو کی اور اسے اپنے آفس بلایا، وہ واضح طور پر فیصلے سے خوش نہیں تھا۔ پرتگال فٹبال ٹیم کے کوچ نے کہا کرسٹیانو رونالڈو نے مجھ سے کہا کہ کیا آپ کو واقعی لگتا ہے کہ یہ اچھا خیال ہے؟، ہماری معمول کی بات چیت ہوئی، میں نے اپنی سوچ کی وضاحت کی جسے رونالڈو نے تسلیم کیا۔

ابرار احمد کا میچ میں اعتماد کیساتھ کھیلنا بہت بڑی بات ہے' نسیم شاہ

لاہور (اے ایف پی) قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ باؤلر نسیم شاہ نے ٹیم میں نئے بہترین فاسٹ بالر کے ایڈیشن پر خوشی کا اظہار اور ابرار کی صلاحیتوں کی تعریف کی ہے۔ 19 سالہ نسیم شاہ نے پاک بمقابلہ انگلینڈ میچ کے دوران 24 سالہ نئے فاسٹ بالر، ابرار احمد کی پرفارمنس کی خوب تعریف کی ہے۔ نسیم شاہ نے کہا کہ کسی بھی کھلاڑی کے لیے پہلا میچ کھیلنا اور اتنے اعتماد سے کھیلنا بہت بڑی بات ہوتی ہے، پہلے ہی اوور میں ایسی پرفارمنس بہت بڑی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیسٹ میچ کا ایک اپنا ہی دباؤ ہوتا ہے، اس دباؤ کو نظرانداز کر کے اعتماد کے ساتھ باؤلنگ کرنا آسان نہیں، جس طرح سے ابرار نے بالنگ کی، جس لائن اور لینتھ میں رہتے ہوئے باؤلنگ کی، یہ قابل تعریف ہے۔

فا ورلڈ کپ، نامناسب لباس پر سابق مس کروشیا کو اسٹیڈیم سے نکال دیا گی

دوحہ (اے ایف پی) قطر میں جاری فیفا ورلڈ کپ کے دوران سابق مس کروشیا کو سیکورٹی گارڈز نے نامناسب لباس پہننے پر میدان سے نکال دیا۔ ایجوکیشن سٹی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میگا ایونٹ کے پہلے کوارٹر فائنل میں کروشیا نے برازیل کو پنالٹیز پر 2 کے مقابلے میں 4 گول سے شکست دے کر ایونٹ سے باہر کردیا ہے تاہم میچ کے دوران سابق مس کروشیا ایوانا نول نے نامناسب لباس زیب تن کیا جس پر سیکورٹ اہلکاروں نے انہیں میدان سے باہر نکال دیا۔ کروشیا کو گزشتہ روز پہلے کوارٹر فائنل میں برازیل کا چیلنج درپیش تھا۔

برازیل میں لیاری کے چرچے

نیوز چینل پر لوگوں کی فٹبال میں دلچسپی کو دکھایا گیا

لاہور (اے ایف پی) کراچی کے علاقے لیاری میں برازیل کا ذکر تو ہوتا ہی رہتا ہے لیکن اب برازیل میں لیاری کا چرچہ ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق لیاری میں فٹ بال کا کھیل بہت پسند کیا جاتا ہے اور یہاں کے لوگوں کو برازیل کی ٹیم سے بھی بہت زیادہ محبت ہے۔ برازیل کا کوئی بھی میچ ہو لیاری میں اسے دیکھنے کے لیے نوجوان خاص انتظام کرتے ہیں۔ قطر میں جاری فٹبال ورلڈ کپ کے دوران بھی لیاری میں برازیل کے میچ کے خصوصی دلچسپی اور انتظامات کر کے دیکھے گئے۔ برازیل کے ایک نیوز چینل پر لیاری کے لوگوں کی فٹبال میں دلچسپی کو دکھایا گیا۔ نیوز چینل پر لیاری کے لوگوں، گلیوں اور فٹبال میدان کو بھی دکھایا گیا۔ برازیل کے ٹی وی چینل نے اپنی رپورٹ میں لیاری کی دیواروں پر آرٹ ورک اور فٹبال سے محبت کی پینٹنگز بھی دکھائیں۔ لیاری میں بڑی اسکرین پر دیکھے گئے برازیل کے میچ اور مداحوں کے جشن کی ویڈیو بھی برازیل کے ٹی وی چینل نے اپنی رپورٹ میں شامل کیں۔

بقیہ 1

کیسے قوموں کو تباہی سے دوچار کرتی ہے۔

بقیہ 2

سحاق ڈار کی آمد پر گورنر محمد بلیغ الرحمن نے ان کا استقبال کیا۔ دونوں شخصیات میں ہونے والی ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی اور معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے بتایا کہ پی ٹی آئی کے پونے چار سالہ دور حکومت کی پالیسیوں کا خمیازہ عوام آج بھگت رہے ہیں، معیشت کی بحالی کے لئے وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 3

توڑ دی جائیں گی۔ فواد چوہدری نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ امپورٹڈ حکومت کے اکابرین الیکشن نہیں چاہتے تاہم ملک کیسے چلانا ہے کوئی پتہ نہیں، صرف وزیر بننا اور بیرونی دورے کرنے سے ملک نہیں چلتے یہ ایک پیچیدہ اور مشکل کام ہے، جس کی اہلیت ان حکمرانوں میں نہیں، پاکستان کو سیاسی استحکام کی ضرورت ہے اور یہ مستحکم حکومت کے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم 20 دسمبر تک عام انتخابات کا فارمولا نہیں لاتی تو پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیاں توڑ دی جائیں گی۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ پنجاب، خیبر پختونخواہ میں 20 مارچ سے پہلے عام انتخابات کا عمل مکمل ہوگا، کہا کہ اسمبلیوں کو توڑنے کیلئے تمام اتحادیوں کا مکمل اعتماد حاصل ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل فواد چوہدری نے اپنے بیان میں کہا تھا کہ اگر حکومت نے نئے الیکشن کا اعلان نہ کیا تو زیادہ انتظار نہیں کریں گے، اسمبلیاں دسمبر میں ہی توڑی جائیں گی۔ دوسری جانب وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا عمران خان ہمت کریں اور اسمبلیاں توڑنے کا اعلان کریں، ہم پوری طرح تیار ہیں، 90 روز کے اندر ان اسمبلیوں میں دوبارہ انتخابات کرائیں گے۔

بقیہ 4

جوڈیشل مجسٹریٹ اینڈ سول جج کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ پولیس کی جانب سے اعظم سواتی کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی، عدالت نے پولیس کی درخواست پر اعظم سواتی کا 3 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔ یاد رہے کہ تین روز قبل بلوچستان ہائیکورٹ نے اعظم سواتی کے خلاف صوبے بھر میں درج مقدمات ختم کرنے کا حکم دیا تھا جبکہ اسی روز سندھ پولیس نے پی ٹی آئی سینیٹر کو اپنی تحویل میں لے لیا تھا۔

بقیہ 5

صوبہ ہونے کے ناطے گندم کی پیداوار میں خود کفیل ہونے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں، حکومت پنجاب نے ایک ماہ کے دوران موثر حکمت عملی سے گندم کی مد میں 55 ارب روپے بچائے ہیں، مالیاتی نظم وضبط کے نفاذ سے مزید 2 ارب روپے کی بچت بھی کی گئی۔ وزیراعلی پنجاب نے ہدایت کی کہ کاشتکاروں کو گندم کی زیادہ پیداوار دینے والے بیج کے استعمال کی آگاہی دی جائے، عوام کو آٹے کی فراہمی میں تعطل نہیں آنا چاہیے، سیکرٹری خوراک اور ڈائریکٹر فوڈ نے گندم کے ذخائر کی موجودہ پوزیشن اور ضروریات سے آگاہ کیا ہے۔ اجلاس میں صوبائی وزرا راجہ محمد بشارت، محمد محسن لغاری، سردار حسنین بہادر دریشک، سید حسین جہانیاں گردیزی، چیف سیکرٹری عبداللہ خان سنبل، پرنسپل سیکرٹری وزیراعلی محمد خان بھٹی، سیکرٹریز خوراک، زراعت، خزانہ، سابق صدر بینک آف پنجاب ہمیش خان، ڈائریکٹر فوڈ اور متعلقہ حکام بھی شریک تھے۔

بقیہ 6

، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 5 روپے کمی سے 261 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 282 روپے فی درجن کی سطح پر مستحکم رہی۔

☆☆☆☆☆☆

بقیہ 7

لیگ (ن) نے ملک گیر ورکرز کنونشن کا سلسلہ شروع کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ورکرز کنونشن مرحلہ وار ہوں گے، صوبائی عہدیداروں کو ہدایات جاری کر دی گئیں، 11 سے 17 دسمبر تک ورکرز کنونشن کے انعقاد کا شیڈول بھی جاری کر دیا گیا، 13 دسمبر کو اسلام آباد میں ورکرز کنونشن ہوگا، ڈاکٹر طارق فضل چوہدری کو ذمہ داری تفویض کر دی گئی، 14 دسمبر کو لاہور میں ورکرز کنونشن ہوگا، خواجہ عمران نذیر کنونشن کے انتظامات کریں گے، 15 دسمبر کو شیخوپورہ میں ورکرز کنونشن ہوگا، میاں جاوید لطیف کنونشن منعقد کرائیں گے، 16 دسمبر کو قصور میں ورکرز کنونشن ہوگا، ملک احمد خان کنونشن کے انعقاد کے انتظامات کریں گے، 17 دسمبر میں فیصل آباد میں ورکرز کنونشن ہوگا، وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان کنونشن کی میزبانی کریں گے۔

بقیہ 8

کے حوالے سے یہ صرف پاکستان ہی نہیں پوری دنیا میں جانے جاتے ہیں۔

بقیہ 9

بڑی تحریک کا آغاز کر دیا ہے۔ کارکن حکمرانوں کے خلاف فیصلہ کن معرکے کی تیاری کریں۔ اب صرف جماعت اسلامی ہی اس ملک کو بحران سے نکال سکتی ہے کیونکہ عوام نے باری باری سب سیاسی پارٹیوں کو آزما لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے پاکستان میں اسلامی نظام کے نفاذ کی جدوجہد اور اس کی نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کی ایک طویل تاریخ رقم کی ہے۔ پاکستان کے اسلامی نظریاتی کردار کی حفاظت اور اقامت دین کے لیے جدوجہد جاری رہے گی اور اس فریضہ کی ادائیگی کے لئے پورے عزم اور حوصلہ کے ساتھ میدان عمل میں ہیں اور ہماری کوششوں میں کبھی کمی نہیں آئے گی۔ حالات کا تقاضا ہے کہ ملک میں وسیع پیمانے پر تبدیلی لانے کے لیے اس ظالمانہ اور استحصالی نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے اور اس کی جگہ اسلام کا منصفانہ وعادلانہ نظام رائج کیا جائے۔

بقیہ 10

30 سالہ نوجوان اظہر اقبال کو اٹھا کر مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنایا جس کے باعث اس کی موت ہو گئی تو لواحقین سمیت شہریوں نے نعش سڑک پر رکھ کر روڈ بلاک احتجاجی مظاہرہ کر کے پولیس کے خلاف مقدمہ قتل درج کرنے کا مطالبہ کیا جس پر آر پی او محمد اظہر اکرم اور ڈی پی او سرگودھا محمد طارق عزیز نے وقوعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات کا حکم دے کر ایس پی انوسٹی گیشن اور ڈی ایس پی کوٹ مومن پر مشتمل انکوائری ٹیم تشکیل دی جس نے ایس ایچ او سمیت اہلکاروں کو ذمہ دار قرار دیتے ہوئے اپنی رپورٹ پیش کی جس پر تھانہ صدر کے سابق ایس ایچ او فاروق لطیف، اے ایس آئی جہانگیر، کانسٹیبلان شاہد عمران، اعجاز ممتاز، اعتزاز احسن، غوث محمد اور محمد سعید کو ملازمت سے برخاست کر دیا گیا جبکہ فرائض میں غفلت برتنے پر محرر اور سکیورٹی کانسٹیبلان کو دو دو سال سروس ضبط کی سزا سناتے ہوئے نگرانی میں سستی برتنے پر ایس ایچ او تھانہ سٹی بھلوال کی سروس ضبط کی سزا دے دی گئی یاد رہے اس وقوعہ پر درج مقدمہ کی تفتیش میں گناہگار ثابت ہونے پر ایس ایچ او اور اہلکاروں کو جیل بھجوایا جا چکا ہے۔ اس وقوعہ کے ذمہ دار ایس ایچ او اور اہلکاروں کو نوکری سے برخاست اور سروس ضبط کرنے کی سزاؤں پر ڈی پی او محمد طارق عزیز نے کہا کہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث اہلکاروں کی محکمہ پولیس میں کوئی گنجائش نہیں۔ ڈی پی او نے کہا کہ تشدد کرنا غیر انسانی فعل ہے جو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ پولیس عوام کی جان ومال کی حفاظت کی ضامن ہے۔ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کے ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں

بقیہ 11

ہے، حکومت بیل آؤٹ پیکج کی طرز پر خصوصی معاونت فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار سینئر وائس چیئرمین عثمان اشرف، کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرپرسن پرویز حنیف، ایسوسی ایشن کے سینئر مرکزی رہنما عبد اللطیف ملک، سینئر ممبر ریاض احمد، سعید خان، محمد اکبر ملک، میجر (ر) اختر نذیر، شاہد حسن اور اعجاز الرحمان نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ نامساعد حالات کی وجہ سے ہاتھ سے بنے ہوئے قالینوں کی صنعت شدید بحران سے دوچار ہے اور نئی سرمایہ کاری نہ آنے کی وجہ سے اس میں اضافہ ہو رہا ہے۔ پاکستان کارپٹ ایسوسی ایشن اور کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اس کی بحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں لیکن صورتحال کی سنگینی میں حکومت کی معاونت ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک دور میں پاکستان کے ہاتھ سے بنے ہوئے قالینوں کی برآمدات دنیا بھر میں سب سے زیادہ تھیں لیکن آج دوسری ممالک نے یہ جگہ لے لی ہے جس کی وجہ مینوفیکچررز اور برآمدکنندگان کو درپیش مشکلات اور بیرون ممالک موثر مارکیٹنگ کا نہ ہونا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس شعبے میں بڑا پوٹینشل موجود ہے اور خاص طور پر اس کے ذریعے دیہی علاقوں میں خواتین کو ان کی دہلیز پر روزگار کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ ہماری وزیراعظم اور وزیر خزانہ سے اپیل ہے کہ ہماری گزارشات کا نوٹس لیں اور ملاقات کا اہتمام کیا جائے تاکہ انہیں اس شعبے کی زبوں حالی سے آگاہ کیا جائے اور حکومتی معاونت سے اسے فعال کرنے کے حوالے سے تجاویز دی جاسکیں۔

بقیہ 12

نے شروع کیا ہے اور دوسرا منصوبہ بلوچستان حکومت نے وفاقی وزارت منصوبہ بندی، ترقی واصلاحات کے تعاون سے شروع کیا ہے۔ گوادر پورٹ اتھارٹی کے پراجیکٹ ڈائریکٹر کے مطابق میراتھن برین اسٹارمنگ سیشنز کے بعد اتھارٹی کے دائرہ کار میں آنے والے تمام دفاتر کی اندرونی اور بیرونی سکیورٹی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے سکیورٹی منصوبے کو حتمی شکل دی گئی ہے۔ بلیو پرنٹس کے تحت اتھارٹی کے دفاتر کے تمام داخلی اور خارجی راستوں پر 90 سے 100 سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں گے۔ اس کے لئے پیشہ ور فرموں کو بولی کے عمل میں حصہ لینے کی دعوت دی گئی ہے جسے 20 دسمبر کو حتمی شکل دی جائے گی اور درخواست گزار کمپنیوں کی تکنیکی، مالی اور انتظامی صلاحیتوں کا جائزہ لینے کے بعد انہیں منصوبے کا کام ایوارڈ کیا جائے گا۔ دوسرے منصوبہ بلوچستان کی صوبائی حکومت نے وفاقی حکومت کی وزارت منصوبہ بندی، ترقی واصلاحات کے ساتھ تعاون کے تحت "گوادر سیف سٹی پروجیکٹ" کے نام سے شروع کیا ہے۔ وفاقی وزارت کے ایک اہلکار کے مطابق گوادر سیف سٹی پراجیکٹ کے پی سی ون پر نظر ثانی کی جا رہی ہے تاکہ اسے مزید مسابقتی اور ہم آہنگی کے مطابق بنایا جا سکے، اس منصوبے کو اگلے سال مکمل کرنے کا منصوبہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس منصوبے کے تحت گوادر کے مختلف حصوں میں 675 سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں گے تاکہ علاقے کو محفوظ بنایا جاسکے۔ گوادر کے ایک مقامی ٹریول ایجنٹ نے کہا کہ گوادر کی اقتصادی پیداوار کو مدنظر رکھتے ہوئے دونوں سکیورٹی منصوبے وقت کی اہم ضرورت ہیں جس کے 30 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ منصوبے آنے والی ترقی، سیاحت کی صنعت، ہوٹل انڈسٹری، تفریحی مقامات اور بڑے شاپنگ پلازوں کی انشورنس پالیسی ہیں۔

بقیہ 13

میں شریک تمام لوگوں سے میری درخواست ہیں کہ ہمیں اپنے ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے سوچنا ہوگا دنیا میں پاکستان جیسا ملک کہیں نہیں ہے بدقسمتی سے چند خاندان صدیوں سے اسے لوٹ کر اپنی جائیدادیں بنا رہے ہیں خدارا اب قوم کو جاگنا ہوگا اپنے لیے اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کیلئے۔ آپ لوگ ایسے حکمرانوں کا انتخاب کریں جو ملک اور قوم کی تڑپ رکھتے ہوں۔ تقریب کے اختتام پر اقراء چوہدری نے ونٹر فیسٹول میں شرکت کرنے والوں اور خصوصی طور پر ابرارالحق کی آمد کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ویلنشیا لیڈیز کلب کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ ہم ویلنشیا میں بسنے والوں کیلئے بہتر سے بہتر پروگرام کرائیں تاکہ ہم ایک دوسرے کے دکھ درد اور خوشیوں میں برابر کے شریک ہوسکیں۔

بقیہ 14

نے سینیٹ اجلاس پیر کو سہ پہر تین بجے طلب کر رکھا ہے۔

بقیہ 15

حصہ لے کر اپنی طویل مدتی شراکت داری کا فائدہ اٹھایا۔ دونوں کمپنیوں نے دراز پلیٹ فارم کے ذریعے سیلاب زدگان کی مدد کے لیے اپنے وسائل جمع کیے ہیں۔ تعاون کے حصے کے طور پر ویزا نے دراز مارکیٹ پلیس سے اشیائی خریداری کیلئے 22 ملین روپے مختص کیے ہیں۔ دراز نے اپنے سپلائر نیٹ ورک سے قیمتی قیمت پر اشیاء کا بندوبست کرنے کے لیے لاجسٹک آپریشنز کا انتظام کیا۔ دراز نے کہا کہ اس نے رسد کو تیزی سے سنبھالا اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ تمام خریدی گئی اشیاء متعلقہ گوداموں سے اکٹھی کی جائیں اور وقت پر ڈیلیور کی جائیں۔ گوادر پرو کے مطابق اس میں کہا گیا کہ اس کے علاوہ دراز نے مختلف انسانی تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کیا، جس نے پاکستان بھر میں سیلاب سے متعلق امدادی مہم کی قیادت کی تاکہ یہ اشیاء 4,000 سے زائد خاندانوں میں تقسیم کی جائیں۔ گوادر پرو کے مطابق دراز چین کے علی بابا گروپ کی ملکیت ہے۔ یہ کمپنی جنوبی ایشیا کے متعدد ممالک میں کام کرتی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق دراز نے کہا کہ پاکستان نے حال ہی میں مون سون کی شدید بارشوں کی وجہ سے شدید سیلاب کا سامنا کیا، جس سے دیہات بہہ گئے اور لاکھوں افراد کو فوری طور پر جان بچانے والی امداد کی ضرورت پڑ گئی، نیز انفیکشن اور ڈوبنے کا خطرہ بڑھ گیا۔

بقیہ 16

سے روک دیا تھا اور انہیں 13 دسمبر کو عدالت میں سرنڈر کرنے کا حکم دیدیا تھا۔ سلیمان شہباز 2018 سے لندن میں اپنی فیملی کے ساتھ رہائش پذیر تھے جب عام انتخابات سے قبل قومی احتساب بیورو (نیب) نے ان کے خلاف متعدد مقدمات درج کیے تھے۔

بقیہ 17

میں ظاہر نہ کرنے پر اسلام آباد ہائی کورٹ نے عمران خان سے جواب طلب کر لیا۔

بقیہ 18

بیان میں عبدالقادر پٹیل نے کہا کہ حکومت پولیو ورکرز کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ورکرز نے سیلاب میں نقصانات اٹھانے کے باوجود سیلاب زدگان کی امدادی سرگرمیاں جاری رکھیں۔ وزیر صحت نے کہا کہ پاکستان پولیو پروگرام نے نقصانات کا ایک جامع جائزہ لیا ہے، پولیو ورکرز کو سیلاب کے دوران کافی نقصان اٹھانا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب کی تباہی سے 33 ملین افراد اور ملک کا ایک تہائی حصہ پانی کی ضد میں تھا، پولیو ورکرز کو زیادہ سے زیادہ معاوضہ کو یقینی بنایا۔ وزیر صحت نے کہا کہ اس آزمائش کی گھڑی میں ہم اپنے ورکرز کو اکیلے نہیں چھوڑ سکتے۔ عبدالقادر پٹیل نے کہا کہ ہماری پہلی ترجیح ہمیشہ پولیو ورکرز ہیں۔ پاکستان کے لیے ان کی خدمات بے شمار ہیں۔ عبدالقادر پٹیل نے کہا کہ پولیو پروگرام کے مطابق تقریباً 12500 پولیو ہیلتھ ورکرز سیلاب سے متاثر ہوئے، ان پولیو ورکرز کی اکثریت سندھ اور بلوچستان میں ہے۔ عبدالقادر پٹیل نے کہا کہ حکومت ملک بھر کے پولیو ورکرز میں تقریباً 250 ملین روپے کے چیک تقسیم کرے گی۔ عبدالقادر پٹیل نے کہا کہ ٹھٹھہ میں سیلاب سے متاثرہ فرنٹ لائن ورکرز میں چیک تقسیم کیے ہیں، ان ورکرز کے گھر یا تو سیلاب میں بہہ گئے تھے یا جزوی طور پر نقصان پہنچا۔ انہوں نے کہا کہ نقصان اٹھانے کے باوجود شہریوں اور سیلاب کی امدادی کارروائیوں میں حکومت کا ساتھ دیا۔ کوآرڈینیٹر پولیو شہزاد بیگ نے کہا کہ سیلاب سے متاثر ہونے والے ورکرز کی شناخت کرنا، اور ان کی فہرست مرتب کرنا بہت مشکل کام تھا، ہمارا 350000 سے زیادہ فرنٹ لائن عملہ ہے، تمام صوبوں میں ایک وسیع پیمانے پر سروے کیا گیا ہے، شہزاد بیگ نے کہا کہ فرنٹ لائن ورکرز پولیو پروگرام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔

بقیہ 19

نے جھوٹی خبر اس وقت چھاپی جب پاکستان میں ظلم کا دور تھا، شہباز شریف کے خلاف یہ خبر مکمل منصوبہ بندی کر کے شائع کی گئی تھی۔ عمران علی یوسف نے کہا کہ شہباز شریف کا داماد ہونے کے سبب مجھے بھی اس میں گھسیٹا گیا، جھوٹے اور بے بنیاد الزامات کو ثابت بھی نہیں کیا جاسکا، ڈیلی میل نے معافی مانگی اور خبر اپنی سائٹ سے بھی ہٹائی۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ کسی برطانوی اخبار نے کسی پاکستانی وزیراعظم سے معافی مانگی ہے، اس معافی سے شہباز شریف کی دیانت داری پر مہر ثبت ہو گئی ہے، یہ بات واضح ہے کہ اس معاملے میں کون لوگ ملوث تھے، قیامت کے دن ان کا گریبان اور میرا ہاتھ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ریئل اسٹیٹ کا بزنس ہے، اکرام نوید نے ہم سے پراپرٹی خریدی تھی، ہمیں نہیں پتہ کہ اکرام نوید کا پیسہ حلال ہے یا حرام، پاکستان میں یہ کچھ نہیں کہ ہم انکوائری کریں۔ عمران علی یوسف نے کہا کہ اکرام نوید نے 40 سے زائد بلڈرز سے پراپرٹیاں خریدیں، اسے پراپرٹی فروخت کرنے والوں میں ایک میں بھی شامل تھا، نیب نے سب کے ساتھ سمجھوتے کر لیے ہیں لیکن ہمارے پیسے آج بھی اکاؤنٹ میں پڑے ہیں، میرا قصور صرف یہ تھا کہ میں شہباز شریف کا داماد تھا۔ انہوں نے کہا کہ تین سال بعد شہباز شریف نے اکرام نوید کو گرفتار کرا دیا، میرا اس کے ساتھ تعلق ہوتا تو اسے کیوں گرفتار کرایا جاتا؟ اکرام نوید کی انکوائریاں کھلیں تو اس کی کرپشن سامنے آئی، شہباز شریف کو اس کی گرفتاری کا کریڈٹ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرسٹر وحید الرحمان سے بہت پرانا تعلق ہے، میرا ان پر اندھا اعتماد تھا کہ وہ میرا کیس میرٹ پر لڑیں گے، میاں وحید نے کیس لڑنے سے قبل تمام ثبوت مانگے اور مطمئن ہونے کے بعد کیس لیا۔ انہوں نے کہا کہ کیس کی کارروائی شروع ہوتے ہی ڈیلی میل نے عدالت سے باہر سمجھوتہ کرنے کی پیشکش کرنا شروع کر دی تھی، ان کی تین چار آفرز ہم نے مسترد کیں، لیکن پھر کچھ شرائط پر سمجھوتہ ہو گیا۔ عمران علی یوسف نے کہا کہ جھوٹا الزام لگنا بڑا تکلیف دہ تھا، عمران خان کی پوری حکومت شریف فیملی کے خلاف کچھ تلاش کر رہی تھی، جتنی تکلیف انہوں نے ہمیں دی اس کا جواب انہیں اللہ کو دینا پڑے گا۔

بقیہ 20

سے لم پارہ 15 سے 17 ڈگری کے درمیان ریکارڈ ہوسکتا ہے۔ بالائی سندھ کے اضلاع میں صبح کے وقت دھند چھا سکتی ہے۔

بقیہ 21

سکولز ایجوکیشن نے سموگ کی ابتر صورتحال کے باعث سرکاری و نجی سکولوں میں جمعہ اور ہفتہ تعطیل کا اعلان کیا ہے جبکہ اتوار کی تعطیل کو ساتھ ملا کر تعلیمی ادارے تین روز بند رہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے حکم پر سموگ کی خطرناک صورتحال کی وجہ سے پی ڈی ایم نے بھی نوٹیفکیشن جاری کیا ہے جس کے مطابق نجی کمپنیوں کے دفاتر اور سب آفسز دو روز جمعہ اور ہفتہ بند رہیں گے۔ دی پنجاب نیشنل کلائمیٹ (پروینشن اینڈ ریلیف) ایکٹ 1958 کے سیکشن 4 سب سیکشن 2 ایچ کے تحت جاری نوٹیفکیشن کے مطابق لاہور کی حدود میں کام کرنے والے تمام نجی ادارے اور ان کے سب آفسز دو روز جمعہ اور ہفتہ کے لئے بند رہیں گے۔ نوٹیفکیشن 07 دسمبر سے 15 جنوری تک نافذ العمل رہے گا۔ نوٹیفکیشن کے اجراء کے پہلے ہفتے نجی دفاتر کی جانب سے احکامات کی پابندی نہیں کی گئی جس کی بناء پر اب حکومت نے اس پر سختی سے عملدرآمد کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ 22

پر معطل رہے گی۔ مورخہ 12 دسمبر، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل محفوظ شہید، اسلام آباد کلب، F-6/2، اے ڈی بی پی، ضیا مسجد، سکیم-2، فراش ٹاؤن، یوسی روڈ، عباسی مارکیٹ، G-9/2، انڈسٹریل-3، I-8/2، I-10/1، گولڑہ-2، ایس پی ڈی، ریحارہ، سی ایم پاک زونگ، بحریہ انکلیو، آئسولیشن ہسپتال، پنڈی پوائنٹ، بحرین، ٹی ڈی سی پی، پی اے ایف، پیر سوہاوہ، اے کیو خان، این آئی ایچ، محفوظ شہید، کلب ون فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، فیض آباد، غوثیہ کالونی، 6th روڈ، ای بلاک، شکریال، کے آر ایل، جناح کیمپ، سروس روڈ، ڈھوک حکمداد، سٹی، میجر مسعود، صرافہ بازار، جناح روڈ، سبحان الدین، علی مارکیٹ، باغ سرداراں، ملت آباد، امیر حمزہ کالونی، اظہر آباد، زرکون ہائٹس، پشاور روڈ، رینج روڈ، عزیز آباد، سہام، موہن پورہ، راجہ سلطان، عیدگاہ، باغ سرداراں، محمدی چوک، خیابان سرسید، ڈھوک ناجو، مصریال روڈ، ملت آباد، پشاور روڈ، نسٹ روڈ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، کشمیر روڈ، سرسید روڈ، بوستان خان روڈ، میڈیا ٹاؤن-2، مورگاہ، نیشنل پارک، اسٹیٹ بینک، اڈیالہ، مورت، گرجا-1، جھاورہ، جاپان روڈ، لہتراڑ ٹاؤن، ایس ای پی ابرار، فضل احمد، نیوچوآ، غزن خان، نیومندرہ، نیوکلیام، بحر کلیال، سید کسرن، مہوٹہ شکین، اڈیالہ جیل، شاہ پور، خصالہ فیڈرز، اٹک سرکل، کالا خان، بہلوٹ، شاہ اللہ دتہ، سرائے خربوزہ، شائنہ، منیر آباد، اے ڈبلیو سی ہاؤسنگ، راشد منہاس، اسلام پورہ، حسین آباد، غازی کوہلی، مسکین آباد، ڈھوک فتح، تین میلا، دریا شریف، شمس آباد، بٹیاں، جے بی ایچ پی، قاضی آباد، پنڈی گھیب، کسران، قطبال، ڈھلکیل، نرھ، دھرنال، کھوڑ، گل محمد، کھنڈا فیڈرز، جہلم سرکل، F-5 جادا، زبیر شہید، F-3 گل افشاں، شکریلہ، شمس آباد، چھپراں، اکرم شہید، F-8 سول لائن، F-2 چپ بورڈ، F-10 کالا بیں، بورین، انڈسٹریل، ہیملٹ، گداری، پادیال، نھوالا، سنگھوئی صفدر شہید، کرنل محمد اکرم، وارڈ-8، کوٹ دھمیک، بابا شہید، چھپر شریف، ٹھاکرہ، کنگر ٹھاٹھی فیڈرز، چکوال سرکل تھرپال، مینگن، اسلامیہ چوک، میانی، آرا بازار، جنڈ اعوان، ڈھڈیال ایکسپریس، سیگل آباد، چکرال، بشارت، سی ایس شاہ، دھریالہ جالپ، للہ ٹاؤن، کے ایس مائنز، جلال پور فیڈرز، جی ایس او سرکل، صبح 07:30 بجے تا شام 04:30 بجے تک، بیروٹ گالا، دوربار مائی ٹھوٹھی، کھوئی رٹہ سٹی، چڑھوئی ایکسپریس، دانا بہال، چڑھوئی ڈوگنی، سری، سٹی-2، حاجی آباد، نرخ فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 23

پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں کو مل کر اس ملک کو ترقی کی طرف لے کر جانا چاہیے نہ کہ ملک میں افراتفری پھیلا کر پاکستان کو ایک دفعہ پھر اندھیروں میں لے کر جایا جائے اپنی رہائش گاہ پر پی پی 136 کے امیدوار ارشد ورک کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایم پی اے پیر اشرف رسول۔ جہاں زیب خان۔ عطیہ افتخار اور نوید ندیم چوہان بھی موجود تھے رانا تنویر حسین نے کہا اعظم سواتی ضرورت سے زیادہ شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار ہونے کی کوشش نہ کریں اداروں کے خلاف الزام تراشیاں بند کریں ملک کے ادارے پاکستان کے امن اور سلامتی کے ضامن ہیں جو شخص بھی ملک کے اہم ترین ادارے کے خلاف کوئی بھی بیان دے گا اس کے خلاف اسی طرح کارروائی ہوگی کوئی شخص بھی اس ملک میں قانون سے بالاتر نہیں جو شخص ملک کے اہم ترین اداروں کے خلاف بیان بازی کر کے لوگوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کرے گا اس کے خلاف اسی طرح مقدمات درج ہوں گے رانا تنویر حسین نے کہا عمران خان اگر ملک پاکستان سے اور اس ملک میں رہنے والے عوام سے مخلص ہیں تو اسمبلیوں میں واپس آکر ملک کے لیے کچھ اچھا کرنے کی کوشش کریں پاکستان اس وقت جس حالات سے گزر رہا ہے اس حالات میں فوری الیکشن ممکن نہیں۔

بقیہ 24

کیا نہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر عدالتوں سے تحریک انصاف کے حق میں فیصلے آئیں تو یہ قانون کے مطابق ہوتے ہیں اور اگر مسلم لیگ (ن) کی قیادت اور رہنماؤں کو جعلی کیسز میں ریلیف ملے تو اسے مک مکا کہہ دیا جاتا ہے۔ مطالبہ ہے کہ جن لوگوں نے یہ جعلی کیس بنایا ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جا

بقیہ 25

بے ضابطگیوں کے مرتکب فیلڈ سٹاف کے خلاف پیڈا ایکٹ 2006ء کے تحت محکمانہ کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ ایک بیان میں ترجمان نے بتایا کہ جھنگ کے غلام جعفر کی شکایت پر دفتر محتسب پنجاب کی ہدایت پر کی جانے والی ایک علیحدہ کارروائی کے نتیجہ میں انتظامیہ نے جھنگ کے چک نمبر 461 ج ب میں چراہ گاہ کے لئے مختص سرکاری رقبہ میں سے 31 کنال 3 مرلہ جگہ کو ناجائز قابضین سے واگزار کروالیا ہے جس کی کل مارکیٹ ویلیو 77 لاکھ 57 ہزار 500 روپے ہے۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ محتسب آفس کے حکم پر گوجرانوالہ، وہاڑی اور مظفر گڑھ میں 44 لاکھ 54 ہزار روپے مالیت کی 8 کنال 10 مرلہ سرکاری اراضی کو بھی قابضین سے خالی کروالیا گیا ہے۔

بقیہ 26

نے کہا کہ تیندوؤں کے تحفظ اور لوگوں کی حفاظت کے لیے صرف گائیڈڈ ٹورز کی اجازت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مارگلہ ہلز نیشنل پارک ملک کا قیمتی اثاثہ ہے، اس نیشنل پارک کا شمار محفوظ علاقوں میں ہوتا ہے۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ مارگلہ ہلز نیشنل پارک جانوروں، پرندوں اور دیگر جنگلی حیات کا قدرتی مسکن ہے، یہ پاکستان کے لیے مثبت خبر اور بڑی کامیابی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم نے نیشنل پارکس میں 12 فیصد اضافہ کیا ہے، ہمیں قدرتی جنگلی حیات کو ان کے مسکن واپس دینے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جنگلی حیات، قدرتی ماحولیات اور نیشنل پارک کی بحالی ہم سب کی ذمے داری ہے۔

بقیہ 27

سپلائی کرنے کا مکروہ دھندہ کرتا ہے۔ جعلی دودھ کا استعمال انسانی صحت کے انتہائی مضر اور متعدد بیماریوں کا باعث بنتا ہے۔ جعلی دودھ تیار کرنے والے سپلائرز کے خلاف مقدمہ درج کروادیا گیا۔

بقیہ 28

سب سے آگے ہے، خیبر پختونخوا کے علاوہ کسی صوبے میں مرکز برائے انسداد تشدد انتہا پسندی نہیں ہے۔ مرکز برائے انسداد تشدد انتہا پسندی میں 25 فیصد فیلوشپس میڈیا پرسنز کیلئے مختص ہیں اور 25 فیصد فیلوشپس مدارس کے طلبا اور 50 فیصد فیلوشپس میرٹ پر دی جائیں گی۔

بقیہ 30

اندوزی، منافع خوری، ہاؤسنگ اتھارٹی کے کاموں میں جس طرح اربوں روپے کی کرپشن کی جا رہی ہے یہ سارے کام دنیا وآخرت میں بربادی کا سبب بننے گا۔ انہوں نے کہا کہ صحابہ کرام کے دور حکمرانی میں لوگ خوش حال تھے، سیدنا ابوبکر صدیق کے دور میں زکوۃ دینے والے مسجد کے باہر کھڑے رہتے لیکن زکوۃ لینے والا کوئی نہیں ہوتا تھا یہ خوبی ہمارے ملک میں آسکتی ہے اس کیلئے سب سے پہلے ہمیں اللہ اور رسولؐ کے احکامات کی روشنی میں اپنے آپ کو ڈھالنا ہوگا۔

بقیہ 31

صدر پولیس نے چک 2 کے موٹر سائیکل مکینک 30 سالہ نوجوان اظہر اقبال کو اٹھا کر مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنایا جس کے باعث اس کی موت ہو گئی تو لواحقین سمیت شہریوں نے نعش سڑک پر رکھ کر روڈ بلاک احتجاجی مظاہرہ کر کے پولیس کے خلاف مقدمہ قتل درج کرنے کا مطالبہ کیا جس پر آر پی او محمد اظہر اکرم اور ڈی پی او سرگودھا محمد طارق عزیز نے وقوعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات کا حکم دے کر ایس پی انوسٹی گیشن اور ڈی ایس پی کوٹ مومن پر مشتمل انکوائری ٹیم تشکیل دی جس نے ایس ایچ او سمیت اہلکاروں کو ذمہ دار قرار دیتے ہوئے اپنی رپورٹ پیش کی جس پر تھانہ صدر کے سابق ایس ایچ او فاروق لطیف، اے ایس آئی جہانگیر، کانسٹیبلان شاہد عمران، اعجاز ممتاز، اعتزاز احسن، غوث محمد اور محمد سعید کو ملازمت سے برخاست کر دیا گیا جبکہ فرائض میں غفلت برتنے پر محرر اور سکیورٹی کانسٹیبلان کو دو دو سال سروس ضبط کی سزا سناتے ہوئے نگرانی میں سستی برتنے پر ایس ایچ او تھانہ سٹی بھلوال کی سروس ضبط کی سزا دے دی گئی یاد رہے اس وقوعہ پر درج مقدمہ کی تفتیش میں گناہگار ثابت ہونے پر ایس ایچ او اور اہلکاروں کو جیل بھجوایا جا چکا ہے۔ اس وقوعہ کے ذمہ دار ایس ایچ او اور اہلکاروں کو نوکری سے برخاست اور سروس ضبط کرنے کی سزاؤں پر ڈی پی او محمد طارق عزیز نے کہا کہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث اہلکاروں کی محکمہ پولیس میں کوئی گنجائش نہیں۔ ڈی پی او نے کہا کہ تشدد کرنا غیر انسانی فعل ہے جو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ پولیس عوام کی جان ومال کی حفاظت کی ضامن ہے۔ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کے ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں

بقیہ 32

ئے فیض الحق نے مزید کہا کہ پاکستان جیسی دوہری خسارے کا شکار اور درآمدات پر انحصار کرنے والی معیشتوں کے لیے، ان کی کرنسیوں کی قدر میں کمی کے فیصد کے لحاظ سے برآمدات میں تقریباً 45 فیصد اضافہ ہوتا ہے اور تجارتی خسارے میں مزید 48 فیصد اضافہ ہو جاتا ہے۔ جبکہ روپے کی قدر نیچے کی طرف بڑھ رہی تھی ایسے میں پاکستان کی آئی ٹی برآمدات نے مالی سال 2021 اور مالی سال 2022 میں نمایاں ترقی کی یعنی بالترتیب 47 فیصد اور 24.1 فیصد اور اس کے نتیجے میں دو سالوں میں مجموعی طور پر 87 فیصد اضافہ ہوا۔ تاہم مالی سال 2023 کی پہلی سہ ماہی میں، پاکستان نے آئی ٹی کی برآمدات میں صرف 3 فیصد کی معمولی ترقی کی ہے اور پہلی سہ ماہی میں یہ صرف 633 ملین ڈالر رہ گئی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس ناقص کارکردگی کو پرکھتے ہوئے بہت سے عوامل کا تال میل واضح ہوتا ہے۔ فیض الحق نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ امر چونکا دینے والا ہے کہ بڑھنے کی بجائے اس مالی سال یعنی 2023 کی پہلی سہ ماہی کی برآمدات پچھلی تین سہ ماہیوں کے مقابلے میں سب سے کم برآمدات ہیں۔ فیض الحق نے بتایا کہ ہم بین الاقوامی منڈیوں میں حاصل کردہ مارکیٹ شیئر کی دوبارہ گراوٹ کا سامنا کر رہے ہیں اور حکومت کو اجتماعی طور پر بنیادی پالیسی مداخلتوں کے ذریعے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی صنعت کو بچانے کے لیے فوری کمربستہ ہوجانا چاہیے کیونکہ برآمدات میں 3 فیصد اضافہ درحقیقت ہر گرتے ہوئے روپے کی قدر کے لحاظ سے ایک منفی شرح نمو ہے۔ ریاضیاتی اعتبار سے 30 جون 2021 سے 30 جون 2022 کے درمیان روپے کی قدر میں 30 فیصد کمی کی وجہ سے یعنی ایک ڈالر کے لیے 157.54 سے 204.85 روپے کی کمی اور مالی سال 2023 کی پہلی سہ ماہی میں 3 فیصد سالانہ ترقی کی وجہ سے پاکستان نے درحقیقت مالی سال 2023 کی پہلی سہ ماہی میں آئی ٹی برآمدات میں 10 فیصد منفی نمو کی ہے، اگر روپے کی قدر میں کمی کو ایڈجسٹ کر کے دیکھا جائے۔ فیض الحق نے واضح کیا کہ اگر آئی ٹی صنعت کی حوصلہ افزائی نہیں کی گئی اور ریگولیٹری بیڑیوں سے آزاد نہیں کیا گیا تو آئی ٹی انڈسٹری سے بڑے پیمانے پر برین ڈرین اور سرمائے کی پرواز ہوگی۔

بقیہ 33

کے بھائی سمیت دو افراد موقع پر ہی جاں بحق اور تین زخمی ہو گئے، زخمی اور نعشیں ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال ساہیوال منتقل کر دی گئیں، حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، مرنے والوں میں 18 سالہ نبیل، 20 سالہ محمد عمر جبکہ زخمیوں میں شرافت علی، نبیل اور ان کا ساتھی شامل ہیں، پولیس نے تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ 34

ت کی جس میں ڈی پی او نے چیمبر آف کامرس کی نئی قیادت کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جا رہے ہیں۔ ڈی پی او نے کہا کہ مقامی سول سوسائٹی اور تاجر برادری کے ساتھ مل کر کرائم فری سوسائٹی کیلئے اقدامات ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ مل کر داخلی و خارجی راستوں پر کیمروں کی تنصیب پر کام ہو رہا ہے جبکہ پولیس امن وامان کو برقرار رکھنے کے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

بقیہ 35

۔ ونٹر فیسٹول تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ابرارالحق نے کہا کہ ویلنشیا لیڈیز کلب کی خواتین کیلئے خدمات لائق تحسین ہیں اور جو لوگ ایک دوسرے کا سہارا بننے کی کوشش کرتے ہیں وہ انمول لوگ ہوتے ہیں ان کی قدر کرنی چاہیے، ونٹر فیسٹول میں لگے سٹالوں پر رکھی اشیاء دیکھ کر خوشی ہوئی کہ ہمارے ملک کے لوگ کتنے ذہین ہیں بدقسمتی سے ان کی قدر کرنے والا کوئی نہیں، تقریب میں شریک تمام لوگوں سے میری درخواست ہیں کہ ہمیں اپنے ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے سوچنا ہوگا دنیا میں پاکستان جیسا ملک کہیں نہیں ہے بدقسمتی سے چند خاندان صدیوں سے اسے لوٹ کر اپنی جائیدادیں بنا رہے ہیں خدارا اب قوم کو جاگنا ہوگا اپنے لیے اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کیلئے۔ آپ لوگ ایسے حکمرانوں کا انتخاب کریں جو ملک اور قوم کی تڑپ رکھتے ہوں۔ تقریب کے اختتام پر اقراء چوہدری نے ونٹر فیسٹول میں شرکت کرنے والوں اور خصوصی طور پر ابرار الحق کی آمد کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ویلنشیا لیڈیز کلب کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ ہم ویلنشیا میں بسنے والوں کیلئے بہتر سے بہتر پروگرام کرائیں تاکہ ہم ایک دوسرے کے دکھ درد اور خوشیوں میں برابر کے شریک ہوسکیں۔

بقیہ 36

، چیف آف آرمی اسٹاف حافظ سید عاصم منیر، وزیراعلی پنجاب، آئی جی پنجاب، ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب، ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور ہمیں انصاف دیں ہمارا مطالبہ صرف جوڈیشنل انکوائری کا ہے جو کہ ہمارا حق ہے جام پلیہ انڈھڑ، جام منیر انڈھڑ، رحم حسین اور انڈھڑ برادری کا قرآن پاک ہاتھوں میں اٹھائے احتجاج۔ تفصیل کے مطابق تھانہ بھونگ شریف کی پولیس کا گاگڑی باغ میں مبینہ پولیس مقابلہ امین عرف بینا انڈھڑ کی میت عدالتی احکامات پر ورثہ کے حوالے تھانہ بھونگ پولیس نے امین کو دو ماہ پہلے زبردستی اٹھایا اور 2 ماہ سے زاید غیر قانونی طور پر اپنی تحویل میں رکھتے ہوئے جعلی پولیس مقابلہ میں قتل کر دیا ورثہ کا الزام عدالتی تحقیقات کرائی جائیں اور ہمیں انصاف دیا جائے یقین کے ساتھ کہتے ہیں کہ امین بے گناہ تھا ایک طرف نوید نواز واہلہ ایس ایچ او تھانہ بھونگ کچھ دن پہلے ایک ایف آئی آر تھانے میں درج کرتا ہے کہ گاڑی باغ میں پولیس مقابلہ ہوا اور 20 کے قریب ڈاکوؤں رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بھاگنے میں کامیاب ہو گئے ہیں جبکہ دوسری جانب اسی ایف آئی آر میں بیس افراد کو نامزد کر دیا جاتا ہے ہمارا سوال یہ ہے یہ کیسے ممکن ہے کہ رات کے اندھیرے میں ڈاکوؤں کی شناخت بھی ہو گئی اور ڈاکوؤں کے ناموں کا بھی پتہ چل گیا اگر پولیس کا نیٹ ورک اتنا ہی تیز ترین ہے تو یہ کیسے ممکن ہے کہ بے گناہوں کو اٹھا لیا جاتا ہے اور پھر ان سے لاکھوں روپے بطور چٹی کی ڈیمانڈ کی جاتی ہے جو بیگناہ یہ چٹی ادا کر دے تو وہ شریف شہری اور اگر رقم کی ادائیگی نہ ہو تو اسے ڈاکو ڈکلیئر کرتے ہوئے اس کی لاش تک کی بے حرمتی کی جاتی ہے دو روز قبل انسانی حقوق کا عالمی دن تھا اور اسی دن ہمیں ایک بے گناہ کی لاش کے تحفے سے نوازا گیا انڈھڑ برادری کے کندھے اپنے بے گناہ نوجوانوں کی لاشیں اٹھاتے اٹھاتے تھک چکے ہیں کیا ہمارا حق نہیں کہ ہم جوڈیشنل انکوائری کا مطالبہ کریں یا ہم انسان نہیں کہ انسانی حقوق کے زمرے میں نہیں آتے پولیس کی بنیاد حضرت عمر فاروق نے رکھی تاکہ ان کی سلطنت میں امن و امان رہے اور لوگوں کو انصاف مل سکے لیکن افسوس کے آج ایک اسلامی ریاست کی پولیس انصاف کے تقاضوں اور نام سے بھی واقف نہیں ایس ایچ او تھانہ بھونگ نوید نواز والا نے ریاست کے اندر اپنی ریاست قائم کر رکھی ہے ایک ایس ایچ او یہاں کے وڈیروں، زمینداروں اور منتخب نمائندوں سے بھی خود کو بالاتر سمجھتا ہے پولیس نے علاقے میں امن وامان کے نام پر کاروبار شروع کر رکھا ہے یہاں تک کہ گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں شامل انٹرنیشنل سطح پر مشہور مسجد بھونگ کی رونقیں بھی ماند پڑ گئیں انٹرنیشنل ٹورسٹ وکمیونٹی نے بھی مسجد بھونگ کا رخ کرنا بند کر دیا سر شام بھونگ کے بازار بند ہر طرف ہو کا عالم ہوتا ہے اہلیان علاقہ علاقے سے نقل مکانی پر مجبور ہو چکے ہیں ہمارا مطالبہ ہے کہ اس قران کریم کے واسطے امین کے پولیس کے ہاتھوں قتل کی جوڈیشنل انکوائری کرائی جائے اور انصاف دلایا جائے

بقیہ 38

رقبہ کے 17 احاطہ جات ناجائز قابضین سے واگزار کروائے گئے ہیں اور محکمہ مال نے بے ضابطگیوں کے مرتکب فیلڈ سٹاف کے خلاف پیڈا ایکٹ 2006ء کے تحت محکمانہ کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ ایک بیان میں ترجمان نے بتایا کہ جھنگ کے غلام جعفر کی شکایت پر دفتر محتسب پنجاب کی ہدایت پر کی جانے والی ایک علیحدہ کارروائی کے نتیجہ میں انتظامیہ نے جھنگ کے چک نمبر 461 ج ب میں چراہ گاہ کے لئے مختص سرکاری رقبہ میں سے 31 کنال 3 مرلہ جگہ کو ناجائز قابضین سے واگزار کروالیا ہے جس کی کل مارکیٹ ویلیو 77 لاکھ 57 ہزار 500 روپے ہے۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ محتسب آفس کے حکم پر گوجرانوالہ، وہاڑی اور مظفر گڑھ میں 44 لاکھ 54 ہزار روپے مالیت کی 8 کنال 10 مرلہ سرکاری اراضی کو بھی قابضین سے خالی کروالیا گیا ہے۔

بقیہ 39

رقبہ کے 17 احاطہ جات ناجائز قابضین سے واگزار کروائے گئے ہیں اور محکمہ مال نے بے ضابطگیوں کے مرتکب فیلڈ سٹاف کے خلاف پیڈا ایکٹ 2006ء کے تحت محکمانہ کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ ایک بیان میں ترجمان نے بتایا کہ جھنگ کے غلام جعفر کی شکایت پر دفتر محتسب پنجاب کی ہدایت پر کی جانے والی ایک علیحدہ کارروائی کے نتیجہ میں انتظامیہ نے جھنگ کے چک نمبر 461 ج ب میں چراہ گاہ کے لئے مختص سرکاری رقبہ میں سے 31 کنال 3 مرلہ جگہ کو ناجائز قابضین سے واگزار کروالیا ہے جس کی کل مارکیٹ ویلیو 77 لاکھ 57 ہزار 500 روپے ہے۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ محتسب آفس کے حکم پر گوجرانوالہ، وہاڑی اور مظفر گڑھ میں 44 لاکھ 54 ہزار روپے مالیت کی 8 کنال 10 مرلہ سرکاری اراضی کو بھی قابضین سے خالی کروالیا گیا ہے۔

بقیہ 40

بجائے اس ملک میں رہ کر عوام کی حقیقی آزادی کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں خود گولیاں کھائی مگر پیچھے نہیں ہٹے جبکہ اس ملک کو لوٹنے والے چور جب عام انتخابات آتے ہیں تو وہ بھی پاکستان آکر الیکشن میں حصہ لیکر کامیابی کی صورت میں دوبارہ لوٹ مار شروع کر دیتے ہیں اور اگر ہار انکی مقدر بن جائے تو پھر بیرونی ممالک بھاگ جاتے ہیں۔ پاکستان کے اصل ہیرو اور لیڈر عمران خان ہے، جس نے عیش وعشرت کی زندگی گزارنے کی بجائے اس ملک وقوم کی خدمت کے خاطر اس ملک کے لئے اپنی زندگی وقف کی ہے، انشاءاللہ عمران خان عوام کے ووٹوں سے دوبارہ اقتدار میں آکر چوروں لٹیروں کا کھڑا احتساب کرینگے۔ پی ڈی ایم ٹولے نے ملک کو دیوالیہ کر دیا ہے مہنگائی آسمان سے باتیں کر رہی ہے، عوام کو جان کے لالے پڑ گئے ہیں۔ جلسہ شرکا نے سندھ میں عمران آفریدی کے ساتھ پیش آنے والے واقع کی بھرپور انداز میں مذمت کرتے ہوئے سندھ حکومت سے مغوی عمران آفریدی کی صحیح سلامت بازیابی کا مطالبہ کیا اور کہا کہ سندھ میں ہمیشہ سے پختونوں کے ساتھ ظلم وزیادتی ہوئی۔ جلسہ شرکا نے کہا کہ سندھ حکومت خود ڈاکوؤں و چوروں کی پشت پناہ ہیں اور اسی وجہ سے وہاں پر ایسے واقعات آئے روز رونما ہوتے ہیں۔ جلسہ شرکا سندھ حکومت سے فوری مغوی عمران آفریدی کو بازیاب کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 41

’جڑانوالہ روڈ پر پھاٹک کے قریب محنت کش فیاض سلطان کا رکشہ’ 66 ج ب دھاندرہ کے قریب الکل؟ داد خان سے موٹر سائیکل’ نقدی’ 445 گ ب کے قریب زمیندار احتشام الحق سے دو لاکھ روپے نقدی’ نشاط آباد کے علاقہ 7 ج ب میں ڈاکوؤں کا چھ رکنی گروہ فیکٹری ملازمین کو یرغمال بنا کر 25 لاکھ روپے مالیت کی مشینری ٹرک پر لوڈ کر کے فرار ہو گئے، دھنولہ کے قریب عامر نذیر سے نقدی’ موبائل فون’ مدن پورہ کے قریب اکمل سے نقدی’ موبائل’ جامع چشتیہ چوک کے قریب اقبال حسین سے 20 ہزار روپے’ فون’ محلہ فاروق آباد کے قریب ہارون افتخار سے نقدی’ فون’ جھمرہ روڈ پر ارسلان ظفر سے نقدی’ فون’ حاجی آباد میں جاوید سے نقدی’ فون’ مدینہ ٹاؤن کے علاقہ غالب سٹی سے سلیمان رشید’ گٹ والا کے ندیم ایڈن گیٹ کے سامنے سے ڈاکوؤں نے شاہد محمود کے بیٹے سے موٹر سائیکل’ نقدی’ جڑانوالہ جی ٹی ایس چوک کے قریب توقیر حسین سے پرس’ 122 گ ب کے ذیشان حیدر سے گن پوائنٹ پر 2 لاکھ روپے’ 376 ر۔ب کے آفتاب احمد سے موٹر سائیکل’ رضا آباد بس لائن سے اورنگزیب سے موٹر سائیکل’ 459 گ ب کے قریب آصف لاری اڈا کے قریب احسان سے موٹر سائیکل’ نقدی لوٹ لی گئی جبکہ محلہ الطاف گنج کے عرفان علی ڈار’ 69 ج ب کے فہد حسین’ 7 ج ب نشاط آباد میثاق المال کے باہر سے ارشد محمود’ 139 رب کے فیضان امجد علی’ کورہ نور پلازہ سے داؤد نعمت’ 208 رب کے راشد علی’ بھوآنہ بازار کے عظیم حیدر کانسٹیبل’ انصاری پارک سے ندیم شہزاد’ افغان آباد کے سجاد علی’ کوکیانوالہ بابر چوک کے نیاز کی موٹر سائیکلیں چور لے اڑے۔ علاوہ ازیں بٹالہ کالونی کے علاقہ بابر چوک کے قریب شہری محمد امجد کے گھر کے باہر سے گیس کا میٹر’ 223 رب کے عبدالرحمن کے گھر کے باہر سے بجلی کا میٹر’ 257 رب کے محمد آصف کے گھر’ 248 رب کے محمد اشرف کے ڈیرے سے ٹیوب ویل کا سامان’ 53 گ ب کے عامر’ 444 گ ب کے خالد کی حویلی سے لاکھوں کے مویشی’ 201 گ ب کے منیر احمد کے گھر کی چھت سے سولر پینل’ نشاط آباد کے علاقہ 7 ج ب’ بھوآنہ بازار کے تاجر اکرم کی دکان سے موبائل فون’ انارکلی بازار سے ارم اسلام کا پرس’ گلزار کالونی کے رائے محمد اظہر رفیق کالونی میں عرفان حیدر کے گھر سے لاکھوں کا مال وزر لوٹ لیا۔ 119 گ ب کے میاں شاہد محمود کے ڈیرہ سے محمد طالب’ 122 گ ب کے خرم مجاہد سے نقدی’ موبائل فون چھین لیا گیا۔

بقیہ 42

اور نہ ہی ملکی معیشت مستحکم ہوسکتی ہے۔ اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ کوئی بھی جماعت ہو اسے اپنی سیاست چمکانے کیلئے معیشت پر منفی بیان بازی سے گریز کرنا چاہیے خاص طور پر ملک کے ڈیفالٹ کا تسلسل کے ساتھ بیانیہ کسی طور پر بھی قابل ستائش نہیں۔ مطالبہ ہے کہ وفاقی وزیر خزانہ معیشت کے حوالے سے تمام اعداد وشمار قوم کے سامنے رکھیں اور خاص طور پر ڈیفالٹ کی منفی مہم کے حوالے سے قوم کو اعتماد میں لیں تاکہ خوف وہراس کی فضا ختم ہوسکے۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ معیشت کی ترقی کے لئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے جس سے ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ حاصل ہوگا اور ہر طرح کے کاروبار کو بھی تقویت ملے گی۔ تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل ہے کہ وہ مذاکرات کی میز پر بیٹھیں اور ایسی صلاحیت کے حامل ملک کی معیشت کو چلانے کیلئے میثاق معیشت کیا جائے۔

بقیہ 43

ورنہ ہی کوئی عملہ ہے یونین کونسل کلیام اعوان کو بے شمار علاقے لگتے اور وسیع ترین علاقہ ہے مگر مقامی ڈاکخانہ عرصہ دراز سے اپنی ذاتی بلڈنگ فرنیچر اور عملہ سے محروم چلا آرہا ہے جس سے امور ڈاکخانہ میں شدید دشواری پیش آرہی ہے ان خیالات کا اظہار معروف قانون دان، سماجی کارکن ملک راشد محمود اعوان ایڈووکیٹ نے مقامی میڈیا سے کیا انہوں نے کہا دنیا چاند سے بھی آگے جا چکی ہے اور ترقی کی منازل طے کر رہی ہے مگر اس ترقی کے دور میں بھی ایریا کے لوگ ایک جدید ڈاک خانے کی سہولیات سے محروم ہیں انہوں نے کہا کہ ڈاکخانہ کلیام اعوان جو قدیمی ڈاکخانہ ہے عرصہ دراز سے اپنی ذاتی بلڈنگ فرنیچر اور عملہ سے محروم ہے، اور نہ ہی ڈاک ترسیل کا خاطر خواہ سسٹم موجود ہے جس سے اہلیان علاقہ کو شدید دشواری کا سامنا ہے۔ سارا کام ایک فرد واحد ناکافی سہولیات میں بڑی مشکل سے چلا رہا ہے ملک راشد محمود اعوان ایڈووکیٹ نے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈاکخانہ کلیام اعوان کو اپ گریڈ کرتے ہوئے فرنیچر بلڈنگ اور بنیادی سہولیات کا اجرا کیا جائے تاکہ علاقے کے مقامی افراد ڈاکخانہ سے بہتر طور پر مستفید ہو سکیں

بقیہ 44

500 کیوسک، سکھر آمد 31 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 13 ہزار 800 کیوسک، کوٹری آمد 16 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 5 ہزار 400 کیوسک، تریموں آمد 5 ہزار 800 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک، پنجند آمد 4 ہزار 400 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ تربیلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1398 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1498.45 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1550 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 3.121 ملین ایکڑ فٹ، منگلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1050 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1127.50 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1242 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.997 ملین ایکڑ فٹ جبکہ چشمہ کا کم از کم آپریٹنگ لیول 638.15 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 641.40 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 649 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.047 ملین ایکڑ فٹ رہا۔ تربیلا اور چشمہ کے مقامات پر دریائے سندھ، نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل اور منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد اور اخراج 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی صورت میں ہے۔

بقیہ 45

ن کے گھر میں داخل ہوئی جس نے ادھر ادھر کی باتیں کرنے کے بعد کہا کہ وہ اپنے بچوں کو ان کے ہاں ٹیوشن پڑھانا چاہتی ہے۔ ایاز نے بتایا کہ ان کی بچیاں چھوٹی کلاسز کے بچوں کو ٹیوشن پڑھاتی ہیں اس لئے انہیں یہ شک ہی نہیں گزرا کہ یہ خاتون کسی گروہ کی رکن ہے جبکہ خاتون نے اپنا تعارف یہ کرایا کہ وہ چند روز قبل ہی اس علاقے میں منتقل ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایک بچی کی ٹیوشن کے لئے ماہانہ پانچ سو روپے فیس طے پائی اور خاتون نے پانچ ہزار روپے کا نوٹ دے کر کہا کہ بچی کی فیس ایڈوانس کوٹی کر لیں میں کل سے بچی کو آپ کے پاس چھوڑ جایا کروں گی۔ شہری نے بتایا کہ ان کے گھر والوں نے خاتون سے پانچ ہزار لے کر اسے 4500 روپے واپس کر دیئے جس کے بعد وہ خاتون وہاں سے روانہ ہوگئی اور جب کھڑکی سے دیکھا گیا تو ایک موٹر سائیکل سوار شخص بھی اس کے ہمراہ تھا۔ فیس کی ادائیگی کے باوجود خاتون کی بچی ٹیوشن پڑھنے نہ آئی۔ ایاز نے بتایا کہ جب وہ اپنی بچی کی فیس جمع کرانے کے لئے بینک گئے تو بینک کے عملے نے بتایا کہ اس میں سے ایک نوٹ جو پانچ ہزار مالیت کا ہے جعلی ہے۔ جس پر میں ہکا بکا رہ گیا جب گھر واپس آکر بتایا تو گھر والوں نے بتایا یہ وہی نوٹ تھا جو اس خاتون نے اپنی بچی کی فیس کی مد میں پیشگی دیا تھا۔

بقیہ 46

ایوارڈ وزیراعلیٰ پنجاب سے وصول کیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ کمرمشانی کے نوجوان کھلاڑی احسان اللہ نے آل پنجاب سکول کرکٹ ٹورنامنٹ میں گورنمنٹ ہائی سکول کمرمشانی کی نمائندگی کرتے ہوئے 95 رنز کی اوسط سے کل 471 رنز اسکور کئے اور 20 وکٹ حاصل کیں۔ اس طرح شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے بہترین آل راؤنڈر کا اعزاز حاصل کیا۔ اس ٹورنامنٹ کی قذافی اسٹیڈیم لاہور میں منعقدہ تقریب کے مہمان خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی اور چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ نے سرگودھا ریجن کے کھلاڑی احسان اللہ کو بہترین آل راؤنڈر حاصل کرنے پر دس ہزار روپے کیش ایوارڈ دیا۔

بقیہ 47

تہوار انتہائی جوش وخروش اور مذہبی جذبے سے منانے کیلئے اپنے گھروں اور ہر چیز کو بھی خوبصورتی سے سجانا شروع کر دیا ہے۔ علاوہ ازیں میری کرسمس ڈے کی غرض سے کیک کاٹنے کی تقریبات کا آغاز بھی ہو چکا ہے اور کرسچین خواتین، مرد، بچے ایک دوسرے کو تحفے تحائف بھی فراہم کر رہے ہیں۔ گرجا گھروں کو رنگ برنگی جھنڈیوں، برقی قمقموں، سانتا کلاز کے مجسموں، کرسمس ٹریز سے انتہائی خوبصورتی سے آراستہ و پیراستہ کیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے بھی سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ 48

اسلحہ کے زور پر اہل خانہ کو یرغمال بنالیا۔ بتایا گیا ہے کہ ملزمان نے واردات کے دوران فائرنگ بھی کی۔ پولیس نے شہری ماجد کی درخواست پر مقدمہ درج کر لیا ہے۔

بقیہ 49

ڑ کر جانے کی خواہش کی وجوہات میں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ صنفی مساوات اور بہتر تحفظ کی تلاش بھی ملک چھوڑنے کی خواہش کی اہم وجوہات ہیں۔ یہ تصور کہ بیرونِ ملک سفر کرنے سے عزت بڑھے گی ہر عمر کے لوگوں میں بہت واضح ہے۔ بڑی عمر کے افراد میں ملک چھوڑ کر جانے کی خواہش کی وجہ ان کے بیرونِ ممالک میں رہنے والے بچے ہیں۔ اگر ملک کے تمام خطوں، صوبوں اور خطوں کے رجحانات کا جائزہ لیا گیا تو ملک چھوڑنے کی خواہش کی کچھ بہت ہی دلچسپ وجوہات سامنے آئیں۔ معاشی صورتِ حال یعنی زیادہ تنخواہ تو ہر ایک کے لیے اہم ہے، لیکن سندھ اور بلوچستان کے زیادہ تر لوگ عزت کے حصول کے لیے ملک چھوڑ کر جانا چاہتے ہیں۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا میں زیادہ تر لوگوں نے ملک چھوڑ کر جانے کی خواہش کی وجہ صنفی مساوات بتائی۔ اس کے علاوہ گلگت بلتستان کے لوگوں کے پاس ملک چھوڑ کر جانے کی کئی وجوہات ہیں، جن کا زیادہ تر تعلق بہتر اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے سے ہے۔

بقیہ 50

عمل کو یقینی بنائیں اس کے لئے مختلف آگاہی سیشن کئے جا رہے ہیں تاکہ لوگوں کو آگاہی مل سکے انہوں نے سموگ کی روک تھام کے لئے شہریوں کو تعاون کرنے کی اپیل بھی کی ہے گھر سے نکلتے وقت عینک اور ماسک کا لازمی استعمال کریں نزلہ، زکام اور کھانسی کا موسم سرما کے خاص امراض ہیں ان سے بچا کیلئے بہت احتیاط کرنی چاہیے

بقیہ 51

ہر کسی کو پریشانیوں اور دکھوں نے گھیرا ہوا ہے اور کوئی یہ نہیں جانتا کہ اس کی بہت سی پریشانیاں اور دکھ اس کے خود کے کمائے ہوئے ہیں۔ کیونکہ ہمیں مل جانے والی چیز کی خوشی سے زیادہ نہ ملنے والی چیز کا دکھ ستاتا ہے۔ اس پر یہ غم کے فلاں کے پاس تو یہ چیز ہے پھر میرے پاس ہی کیوں نہیں۔ قرآن کریم میں اللہ تعالی نے فرمایا ہے کہ بے شک اللہ عدل کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے تو جب وہ عدل کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے تو وہ خود کتنا بڑا عادل ہوگا؟ آپ سمجھتے ہیں کہ یہ عدل اللہ قیامت کے روز فرمائے گا جب کہ میرا ماننا ہے کہ اللہ نے یہ دنیا بناتے ہوئے اور انسانوں کو نعمتوں سے نوازتے ہوئے بھی بہت عدل سے کام لیا ہے۔ کسی بھی انسان کو نہ تو ہر چیز سے نوازا ہے اور نہ ہی کسی انسان کو ہر چیز کے لیے ترستا ہوا رکھا ہے۔ اب آپ سوچیں گے کہ کوئی انسان بہت امیر ہے اس کی میز پر دس طرح کے کھانے پڑے ہیں اور کوئی انسان اتنا غریب ہے کہ ایک وقت کی روٹی کو ترستا ہے تو یہ کیسا عدل ہوا۔ لیکن آپ ان دونوں انسانوں کے اصل حالات سے واقف نہیں ہیں ہوسکتا ہے وہ امیر انسان اتنا بیمار ہو کہ اس کا معدہ کچھ ہضم ہی نہ کر پاتا ہو اور اس غریب انسان کو اس غربت میں بھی اللہ نے سکون قلب سے نوازا ہو۔ اور یاد رکھیں خوشیوں کا تعلق روپے پیسے سے ہرگز نہیں ہوتا ہے خوشیوں کا تعلق آپ کے اندر سے ہوتا ہے کہ آپ اندر سے کتنے مطمئن ہیں ورنہ میں نے محلوں میں رہنے اور جہازوں میں سفر کرنے والوں کو نیند کی گولیوں کا سہارا لیتے اور سکون کے لیے ہسپتالوں کے چکر لگاتے جبکہ کسی عام سے انسان کو پرانی سائیکل پر ٹوٹی ہوئی جوتی کے ساتھ جاتے ہوئے بھی خوش وخرم دیکھا ہے۔ کیونکہ یہ دنیا ہے یہاں سب کو سب کچھ نہیں مل جاتا لیکن آپ کی خوشی اور سکون آپ کے اندر ہوتا ہے آپ اسے تلاش کر سکتے ہیں یہ آپ کے اپنے ہاتھ میں ہے۔ اب اگر یہ سوچ دل میں آئے کہ وہ تو اللہ تھا ہر چیز پر قادر اس کے لیے کیا مشکل تھا کہ سب کو ہر چیز سے نواز دیتا۔۔۔۔ بے شک اگر وہ چاہتا تو ایسا کر سکتا تھا لیکن پھر کوشش اور دعا کا کیا؟ پھر اس کے اچھے اور برے بندوں میں فرق کیسے واضح ہونا تھا کیسے پتا چلنا تھا کہ کس نے اپنی خواہش پورا کرنے کے لیے غلط طریقے اپنائے اور کس نے محنت اور دعا کا سہارا لیا۔ یاد رکھیں خواہشیں رکھنا اور ان کے لیے جائز طریقے سے کوشش کرنا بالکل بھی غلط نہیں ہے لیکن کسی خواہش کی تکمیل کے لیے غلط اور صحیح کا فرق بھول جانا اور کسی سے حسد کرنا سراسر غلط ہے۔

بقیہ 52

میں آٹے کا تھیلا نایاب ہو چکا ہے۔ شہری یوٹیلٹی سٹورز کے باہر آٹے کے حصول کے لیے گھنٹوں انتظار کرنے پر مجبور ہیں۔ حکومت نے آٹے کی مصنوعی قلت اور اس کی روک تھام کے لیے ہنگامی سطح پر اقدامات نہ کیے تو صورتحال کنٹرول سے باہر ہو جائے گی۔ گندم کی قیمت ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح 37 سو روپے فی من تک پہنچ گئی ہے، جبکہ آٹا 130 روپے فی کلو پر بھی دستیاب نہیں۔ عوام خوار ہو رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ جب سے اتحادی حکومت برسر اقتدار آئی ہے اس وقت سے ہی ملک وقوم بحرانوں کی زد میں ہے۔ مہنگائی کا ڈھنڈورا پیٹنے والے ہر جگہ اور ہر فورم پر ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ منافع بخش ادارے خسارے کا شکار اور تباہی کا منظر پیش کر رہے ہیں۔ کوئی ایک شعبہ بھی ایسا نہیں جس کی کارکردگی پر ملک وقوم اعتماد ہو۔

بقیہ 53

بدر پی پی 112، عبدالستار بیگا پی پی 113 کے امیدوار ہوں گے۔ ضلعی امیر پروفیسر محبوب الزماں بٹ نے اسلم گنج میں ہونے والی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی عام انتخابات میں بھرپور طریقہ سے حصہ لے گی۔ کارکنان دعوتی کام کو تیز کریں اور نئے یونٹ کے قیام کے لئے بھرپور کاوشیں کریں۔ میٹنگ سے زونل امیر چوہدری سلیم گجر، بلال انور، رانا عمر فاروق، میاں حمزہ تجل نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ جماعت اسلامی نے عوام کو ظلم وجبر کے اس نظام سے نجات دلانے کے لیے بڑی تحریک کا آغاز کر دیا ہے۔ کارکن حکمرانوں کے خلاف فیصلہ کن معرکے کی تیاری کریں۔ اب صرف جماعت اسلامی ہی اس ملک کو بحران سے نکال سکتی ہے کیونکہ عوام نے باری باری سب سیاسی پارٹیوں کو آزما لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے پاکستان میں اسلامی نظام کے نفاذ کی جدوجہد اور اس کی نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کی ایک طویل تاریخ رقم کی ہے۔ پاکستان کے اسلامی نظریاتی کردار کی حفاظت اور اقامت دین کے لیے جدوجہد جاری رہے گی اور اس فریضہ کی ادائیگی کے لئے پورے عزم اور حوصلہ کے ساتھ میدان عمل میں ہیں اور ہماری کوششوں میں کبھی کمی نہیں آئے گی۔ حالات کا تقاضا ہے کہ ملک میں وسیع پیمانے پر تبدیلی لانے کے لیے اس ظالمانہ اور استحصالی نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے اور اس کی جگہ اسلام کا منصفانہ وعادلانہ نظام رائج کیا جائے۔

بقیہ 54

وابستہ کر کے حقیقی نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں، نسل نو کو اعلیٰ اور معیاری تعلیم کی فراہمی کے لئے سکولز وکالجز کا کردار کسی تعارف کا محتاج نہیں جن کی خدمات سے شرح خواندگی میں اضافہ علاقہ میں گراس روٹ لیول پر تبدیلی کا پیغام بن جائے گا۔ ذرائع کے مطابق کمشنر راولپنڈی ثاقب منان نے سرگودھا آمد پر نجی کالج بھلوال میں ہائی اچیومنٹ ایوارڈ اور ویلکم پارٹی میں بطور مہمان خصوصی خطاب کیا۔ جس میں ایڈیشنل سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ شاہد زمان لک نے کہا کہ آج کے نوجوانوں کے ہاتھوں میں کل ملک کی باگ دوڑ ہوگی اور انہیں اس حوالہ سے تیار کرنے کیلئے ہمیں انفرادی واجتماعی جدوجہد کرنا ہوگی تبھی بہتری آئے گی۔ جبکہ ڈائریکٹر کالجز سرفراز احمد گجر، ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن عاصمہ اعجاز چیمہ، ڈی ایس پی کوٹ مومن محمد اظہر اور پریس کلب کے سینئر ممبر ملک امیر افضل اعوان نے کہا کہ ہم تعلیمی میدان میں کالج کی عملی خدمات اور نونہالان قوم کو اعلیٰ تعلیم سے سرفراز کرنے پر اسپائر کالج کو خراج تحسین پیش کرتے اور یہ توقع رکھتے ہیں کہ یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہے گا۔ ادارہ کے پرنسپل ثناء اللہ نے کہا کہ کالج کے طلبہ نے اے ڈی ایس اور اے ڈی اے پروگرام میں اپنی برتری کا لوہا منوایا ہے جن میں طالبہ اقصیٰ خالد نے 800 میں سے 624 نمبر کیساتھ سرگودھا ڈویژن میں پہلی اور جی سی یونیورسٹی فیصل ا?باد میں سوئم پوزیشن حاصل کی۔ اسی طرح طالبہ ایمان کوثر اور طالبہ جویریہ خورشید نے 616 نمبر کیساتھ سرگودھا بورڈ میں دوئم جبکہ جی سی میں پانچویں پوزیشن حاصل کی۔ اسی کالج کی طالبہ فاطمہ نے 612 نمبر کیساتھ سرگودھا بورڈ میں سوئم اور جی سی میں ا?ٹھویں پوزیشن حاصل کی جبکہ طالبہ کنزہ سرور نے 601 نمبرز کے ساتھ نمایاں پوزیشن پائی ہے۔ ڈائریکٹر سٹوڈنٹ رانا طارق نے کہا کہ کالج کے 60 طلبہ نے سرگودھا بورڈ میں اے پلس گریڈ کے ساتھ فرسٹ ڈویژن حاصل کر کے کامیابی حاصل کی ہے۔ آخر میں مہمانان گرامی نے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء وطالبات میں اسناد اور شیلڈز تقسیم کیں۔

بقیہ 55

اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ نامساعد حالات کی وجہ سے ہاتھ سے بنے ہوئے قالینوں کی صنعت شدید بحران سے دوچار ہے اور نئی سرمایہ کاری نہ آنے کی وجہ سے اس میں اضافہ ہو رہا ہے۔ پاکستان کارپٹ ایسوسی ایشن اور کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اس کی بحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں لیکن صورتحال کی سنگینی میں حکومت کی معاونت ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک دور میں پاکستان کے ہاتھ سے بنے ہوئے قالینوں کی برآمدات دنیا بھر میں سب سے زیادہ تھیں لیکن آج دوسری ممالک نے یہ جگہ لے لی ہے جس کی وجہ مینوفیکچررز اور برآمد کنندگان کو درپیش مشکلات اور بیرون ممالک موثر مارکیٹنگ کا نہ ہونا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس شعبے میں بڑا پوٹینشل موجود ہے اور خاص طور پر اس کے ذریعے دیہی علاقوں میں خواتین کو ان کی دہلیز پر روزگار کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ ہماری وزیراعظم اور وزیر خزانہ سے اپیل ہے کہ ہماری گزارشات کا نوٹس لیں اور ملاقات کا اہتمام کیا جائے تاکہ انہیں اس شعبے کی زبوں حالی سے آگاہ کیا جائے اور حکومتی معاونت سے اسے فعال کرنے کے حوالے سے تجاویز دی جاسکیں۔

بقیہ 56

اس امر کے پیش نظر سالٹ رینج کے تمام داخلی راستوں کلر کہار، بلکسر، للہ انٹرچینج ودیگر پر وائلڈ لائف سٹاف کی جانب سے تمام وزیٹرز کو کالے اور بھورے تیتر کے قانونی شکار کیلئے ہدایات پر مبنی بروشرز اور ہینڈ بلز تقسیم کئے جا رہے ہیں جن میں قانونی شکاریوں کو آگاہ کیا گیا ہے کہ تیتر کے شکار کی اجازت یکم دسمبر 2022 تا 31 جنوری 2023 کے دوران آنے والے ہر اتوار والے دن ہے۔ قانونی شکار کیلئے مستند شوٹنگ لائسنس کا ہونا بہت ضروری ہے۔ قانونی شکار کیلئے محض اتوار کا دن مخصوص ہے اور رات کے وقت کسی قسم کے شکار کی اجازت نہ ہے۔ ایک شوٹنگ لائسنس کے ساتھ صرف چھ تیتر شکار کئے جاسکتے ہیں۔ جیپ اور گاڑی وغیرہ پر شکار ممنوع ہے۔ نیشنل پارک، وائلڈ لائف سینکچوری اور پروٹیکٹڈ ایریا میں ہر قسم کے شکار کی سختی سے ممانعت ہے۔ دوران شکار تین سے زائد شوٹنگ لائسنس ہولڈرز کا بطور پارٹی شکار کرنا سخت منع ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں وائلڈ لائف ایکٹ مجریہ 1974 اور پروٹیکٹڈ ایریا ایکٹ 2020 کے تحت غیر قانونی شکار کی سزا مبلغ 10 لاکھ روپے جرمانہ جبکہ تین سال کی قید بھی ہوسکتی ہے۔

بقیہ 57

ی بہاؤالدین سے ڈینگی کا 1، 1 کیس رپورٹ ہوا ہے۔ پنجاب میں رواں سال کے دوران اب تک 18 ہزار 916 ڈینگی کے کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔ پنجاب بھر کے ہسپتالوں میں ڈینگی وائرس کا شکار 137 مریض زیر علاج ہیں۔

بقیہ 58

ع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو کی ٹیمیں جائے حادثہ پر پہنچ گئیں اور لاشوں اور زخمیوں کو سول ہسپتال سکھر منتقل کر دیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق بارات دو بھائیوں کلتار لال اور اکشے کمار کی بارات ڈھرکی جا رہی تھی کہ گھوٹکی قومی شاہراہ پروین اور ٹرالر میں تصادم ہو گیا، حادثے میں ایک شخص موقع پر ہی دم توڑ گیا، جب کہ ایک خاتون اور ایک اور شخص کی موت اسپتال میں دوران علاج ہوئی۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق اب تک 14 زخمیوں کو ہسپتال لایا گیا ہے، جن میں 3 بچے بھی شامل ہیں، زخمیوں میں 5 افراد کی حالت تشویشناک ہے۔ ہسپتال انتظامیہ نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والے افراد کی شناخت خاتون پھلی، مور لال اور موومی میکر عدیل سے ہوئی ہے۔

بقیہ 59

سپلائی کرنے کا مکروہ دھندہ کرتا ہے۔ جعلی دودھ کا استعمال انسانی صحت کے انتہائی مضر اور متعدد بیماریوں کا باعث بنتا ہے۔ جعلی دودھ تیار کرنے والے سپلائرز کے خلاف مقدمہ درج کروادیا گیا۔

بقیہ 60

کیسز معاف کرانے کے سوا کچھ نہیں کیا آج ملکی معیشت تباہ ہو چکی ہے اور پاکستان ڈیفالٹ ہونے کے قریب پہنچ چکا ہے یہی پی ڈی ایم جماعتوں کی اصل کارکردگی ہے۔ انہوں نے کہا کہ "الیکشن کراؤ ملک بچاؤ" پوری قوم کی آواز ہے قوم کرپٹ ٹولے سے جلد نجات چاہتی ہے۔

بقیہ 61

لیے اسمبلیوں کے فلور پر مولانا الشاہ امام احمد نورانی صدیقی رحمتہ اللہ علیہ جیسے سیاستدانوں کا موجود ہونا اشد ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک کے ڈویژنل صدر پروفیسر پیر محمد آصف رضا قادری نے "مولانا الشاہ امام احمد نورانی صدیقی رحمتہ اللہ علیہ" کے عرس کی تقریب سے سیکٹر آفس PP-116 حاجی آباد میں خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ مولانا الشاہ امام احمد نورانی صدیقی رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی سیاسی ومذہبی رہنماؤں کے لیے قابل تقلید ہے۔ علماء دین کی سیاست کا انکار کرنے والوں کے لیے آپ رحمتہ اللہ علیہ کی حیات مبارکہ روشن باب ہے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے پاکستان کے علمائے دین اور مشائخ کے درمیان علمی اور روحانی رابطے پیدا کیے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے ورلڈ اسلامک مشن کے ذریعے سے مساجد، مدارس، سکول اور کالج قائم کر کے تعلیم کی روشنی سے لوگوں کو روشناس کروایا۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کی قرآن مجید سے محبت ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی زندگی میں تراویح میں 68 بار قرآن پاک سنانے کی سعادت حاصل کی۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کا شجرہ نسب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے اور شجرہ طریقت امام احمد رضا خان قادری رحمتہ اللہ علیہ سے جا ملتا ہے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ جمعیت علمائے پاکستان کے صدر بھی رہے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے سیاسی اور دینی جلسوں میں خطاب کرنے کے باوجود کبھی نماز تہجد قضا نہیں کی۔ تقریب کے آخر میں ملکی ترقی سلامتی واستحکام اور مولانا الشاہ امام احمد نورانی صدیقی رحمتہ اللہ علیہ کی بلندی درجات کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ اس موقع پر حافظ محمد یاسر قادری المدنی، مولانا بہادر علی رضوی، مولانا حبیب اللہ سیالوی، ظہیر احمد جوطہ، ساجد قادری، عمران قادری، شبیر قادری ودیگر بھی موجود ہیں۔

بقیہ 62

ے 30 مارچ ازبکستان میں منعقد ہوگی۔ نمائش میں چاول، پھل، سبزیاں، مشروبات (الکحول سے پاک)، مصالحہ جات، کین میں پیک اور پروسیڈ فوڈز، بیکری اور کنفیکشنری مصنوعات، کافی اور چائے، گلابی نمک، ڈیری مصنوعات، گوشت اور اس کی مصنوعات، فوڈ اجزاء، اورگینک اینڈ فریش پروڈیوز، گوشت اور پولٹری، فروزن اور چلڈ فوڈز، حلال فوڈ، سی فوڈ، اسنیکس اور فاسٹ فوڈ کے سٹالز لگائے جائیں گے۔ شرکت کیلئے درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 28 دسمبر مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ 63

کے نتیجے میں بنگلہ دیش دنیا کے نقشے پر ابھرا۔ بھارتی سازشوں کے نتیجے میں 26 مارچ 1971 کو جنگ کا آغاز ہوا اور 16 دسمبر 1971 کو مشرقی پاکستان علیحدہ ہو گیا جس کی وجہ سے پاکستان آبادی اور رقبے کے لحاظ سے ایک بڑی ریاست سے محروم ہو گیا۔

بقیہ 64

ریٹیلرز شامل ہیں۔ اس سمٹ اور ایکسپو سے ریٹیل سیکٹر سے جڑے لوگوں کو باہمی روابط بڑھانے اور کاروباری اشتراک قائم کرنے میں مدد ملے گی۔ سمٹ میں قومی وبین الاقوامی کاروباری رہنما اور ماہرین شرکت کریں گے۔ مرکزی کانفرنس کے ساتھ منعقد ہونے والی ایکسپو میں ریٹیل، انفارمیشن ٹیکنالوجی، لاجسٹکس، بینکنگ، فنانس، تعلیمی شعبہ اور دیگر اداروں سے وابستہ لوگ حصہ لے رہے ہیں۔ کانفرنس میں ریٹیل سیکٹر کی ڈیجیٹیل تبدیلی کے مواقع وچیلنجز، ایف بی آر کے ڈیجیٹل اقدامات، سپلائی چین کے چیلنجز ومسائل، صارفین کے رجحانات، لوکلائزیشن اور پائیدار مینوفیکچرنگ کے موضوعات پر سیشنز ہوں گے جبکہ ماہرین ریٹیل کے خاندانی کاروبار، مالز اور برانڈز کے درمیان تعاون، رئیل سٹیٹ میں رجحانات، سپر مارکیٹوں کے مستقبل اور آن لائن مارکیٹ پلیس پر بھی اظہار خیال کریں گے۔

بقیہ 65

عمران خان امید پاکستان ہیں مستقبل تحریک انصاف کا ہے عوام کی طاقت سے عمران خان کو دوبارہ وزیر اعظم منتخب کریں گے عمران خان ہی واحد سیاسی لیڈر ہیں جو ملک وقوم کا سوچتا ہے، عمران خان قوم کی آواز بن چکے ہیں۔ عمران خان کا بیانیہ قوم کے دلوں میں گھر کر چکا ہے

حکمران خلفائے راشدین کے طرز پر حکمرانی اپنائیں، مولانا علیم الدین شاکر

اللہ کے نبیؐ کے ایک ایک صحابی کی زندگی ہمارے کیلئے بہترین مشعل راہ ہے' درس قرآن میں خطاب

ہمارے حکمران اگر صحابہ کرام کی طرز پر حکمرانی کو اپنا لیں تو ہمارا ملک خوشحال اور امن کا گہوارہ بن سکتا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) خلیفہ مجاز سید نفیس الحسن شاہؒ، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے ناظم اعلی، مہتمم جامعہ فاطمۃ الزاہرؓ للبنات مولانا علیم الدین شاکر نے کہا ہے کہ حکمران خلفائے راشدین کے طرز پر حکمرانی اپنائیں، ہمارے حکمران اگر صحابہ کرام کی طرز پر حکمرانی کو اپنا لیں تو ہمارا ملک خوشحال اور امن کا گہوارہ بن سکتا ہے، اللہ کے نبی ﷺ کے ایک ایک صحابی کی زندگی ہمارے کیلئے بہترین مشعل راہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد احمد علی لاہوری اچھرہ میں درس قرآن میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک طرف یہ دعوی کیا جاتا ہے کہ ہم نبی ﷺ کے غلام ہیں دوسری جانب بے حیائی، جھوٹ، فریب، دھوکا دہی، ذخیرہ (بقیہ نمبر 30)

سرگودھا، نوجوان موٹر سائیکل مکینک کی ہلاکت، ایس ایچ او برخاست

کسی بھی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث اہلکاروں کی محکمہ پولیس میں کوئی گنجائش نہیں، ڈی پی او

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) سرگودھا کی تحصیل بھلوال کے تھانہ صدر میں پولیس تشدد سے موٹر سائیکل مکینک 30 سالہ نوجوان کی ہلاکت کے ذمہ دار ایس ایچ او سمیت اہلکاروں کو نوکری سے برخاست کر کے محرر، سیکورٹی کانسٹیلان اور نگرانی میں غفلت پر تھانہ سٹی کے ایس ایچ او کی سروس ضبط کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کی تحصیل بھلوال میں تھانہ (بقیہ نمبر 31)

لاہور، ایک ٹریفک وارڈن موٹر سائیکل سوار کا گرنے والا سامان اپنی تحویل میں لے رہا ہے

ویلنشیا لیڈیز کلب میں ونٹر فیسٹول کا انعقاد، ابرار الحق نے افتتاح کیا

جو لوگ ایک دوسرے کا سہارا بننے کی کوشش کرتے ہیں وہ انمول ہوتے ہیں، ابرار الحق

لاہور (سٹاف رپورٹر) ویلنشیا لیڈیز کلب کے زیر اہتمام ونٹر فیسٹول کا انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی معروف سنگر ابرار الحق تھے، کلب آمد پر خواجہ فرقان الحق، فخر اسلام بٹ ویلنشیا لیڈیز کلب کی بانی اقراء چوہدری نے ابرار الحق کو گلدستہ پیش کیا، اقراء چوہدری نے ابرار الحق کو ویلنشیا لیڈیز کلب کے خواتین کیلئے جاری کورسز بارے بریفنگ دی۔ مہمان خصوصی ابرار الحق نے فیتہ کاٹ کر ونٹر فیسٹول کا افتتاح کیا اور مختلف سٹالوں کا دورہ کیا (بقیہ نمبر 35)

بھونگ اور گردونواح کا علاقہ پولیس اسٹیٹ بن گیا

قران کریم کے واسطے امین کے پولیس کے ہاتھوں قتل کی جوڈیشل انکوائری کرائی جائے

بھونگ شریف (محمد مراد دشتی) بھونگ اور گردونواح کا علاقہ پولیس اسٹیٹ بن گیا، انجان نمبر سے آئی ایک کال پر ڈاکوؤں کی سہولت کاری کا الزام لگاتے ہوئے پولیس کی جانب سے شک کی بنیاد پر شہریوں کو پابند سلاسل کر دیا جاتا ہے مک مکا ہو جائے تو ٹھیک نہ ہو تو پار کر دیا جاتا ہے کچہ کے علاقہ میں چھپے ڈاکوؤں سے زیادہ اہلیان علاقہ پولیس سے خوفزدہ ہیں امین عرف بینا بلکل بے گناہ تھا اور عرصہ دراز سے گاگڑی باغ میں ملازمت کر رہا تھا ریاست کے اندر ریاست قائم کر دی گئی ہے کوئی پوچھنے والا نہیں انڈھڑ برادری اپنے نوجوانوں کی لاشیں اٹھاتے اٹھاتے تھک گئی وزیراعظم پاکستان شہباز شریف، چیف جسٹس سپریم کورٹ (بقیہ نمبر 36)

جلسے میں پی ٹی آئی ضلع خیبر صدر اقبال آفریدی، ڈیڈک چیئرمین و ممبر صوبائی اسمبلی حاجی محمد شفیق آفریدی، پی ٹی آئی ضلع خیبر ایڈیشنل جنرل سیکرٹری حاجی شیرمت خان آفریدی، سعید اللہ آفریدی، سید رحیم آفریدی، ضرب اللہ سمیت کثیر تعداد میں پارٹی رہنماں و ورکرز نے شرکت کی

آئی ٹی برآمدات مسلسل ساڑھے پانچ سال تک شرح نمو حاصل کرنے کے بعد تنزلی کی جانب گامزن ہیں، فیض الحق

لاہور (سٹاف رپورٹر) نامور ماہر معاشیات فیض الحق نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان کی آئی ٹی برآمدات مسلسل ساڑھے پانچ سال تک سہ ماہی شرح نمو حاصل کرنے کے بعد اب تنزلی کی جانب گامزن ہیں یعنی مالی سال 2016 کی تیسری سہ ماہی کے بعد پہلی باران میں کمی دیکھی جارہی ہے۔ آئی ٹی کمپنیوں کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہو (بقیہ نمبر 32)

سرگودھا چیمبر آف کامرس کے وفد کی ڈی پی او محمد طارق عزیز سے ملاقات

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے چیمبر آف کامرس سے ملاقات میں کہا ہے کہ تاجر برادری کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جارہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا چیمبر آف کامرس کے وفد نے صدر ساجد حسین تارڑ کی قیادت میں ڈی پی او محمد طارق عزیز سے ملاقا (بقیہ نمبر 34)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا چھاپہ، 5ہزار کلو زائد المیعاد ملک پاؤڈر برآمد

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے جعلی دودھ تیار کرنے والے مافیا کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5ہزار80 کلو ایکسپائر ملک پاؤڈر برآمد کر لیا۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے جھنگ کے علاقے کچا کوٹ، تصویر محل اور جینوٹ روڈ پر واقع دودھ کی دکانوں پر چھاپے مارے جہاں سے 5 ہزار 80 کلو ایکسپائر ملک پاؤڈر برآمد کیا گیا، برآمد شدہ ایکسپائر پاؤڈر میں کیمیکلز اور پانی ڈال کر جعلی دودھ تیار کیا جا رہا (بقیہ نمبر 37)

وزیر خزانہ ملک کو ڈیفالٹ کی منفی مہم پر بلا تاخیر قوم کو اعتماد میں لیں، اشرف بھٹی

ایٹمی صلاحیت کے حامل ملک کی معیشت چلانے کیلئے میثاق معیشت کیا جائے

مہنگائی کے سبب بننے والی پالیسیوں کا ادراک کیا جائے، صدر آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (سٹاف رپورٹر) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ معاشی صورتحال خصوصاً ایک جماعت کی جانب سے ملک کے ڈیفالٹ کرنے کی منفی مہم کے حوالے سے وفاقی وزیر خزانہ بلا تاخیر قوم کو اعتماد میں لیں، مہنگائی کے سبب بننے والی پالیسیوں کا ادراک کیا جائے، جب تک ٹیکس کا مربوط نظام نہیں آئے گا اس وقت تک نہ اہداف پورے ہو سکتے ہیں (بقیہ نمبر 42)

دور جدید میں کلیام اعوان کا قدیمی ڈاکخانہ ذاتی بلڈنگ اور بنیادی سہولیات سے محروم

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق دور جدید میں کلیام اعوان کا ڈاکخانہ بنیادی سہولیات اور اور ذاتی بلڈنگ سے محروم احکام بالا نوٹس لیں اور ڈاکخانے کو آپ گریڈ کیا جائے اہل علاقہ کو تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے یونین کونسل کلیام اعوان کا قدیمی ڈاکخانہ سہولیات سے محروم اسکی نہ کوئی بلڈنگ ہے نہ کوئی فرنیچر ہے ا (بقیہ نمبر 43)

لاہور میں گھروں میں جا کر جعلی کرنسی نوٹوں کا استعمال کر کے سادہ لوح لوگوں کو لوٹنے والے گروہ کا انکشاف

لاہور (نامہ نگار) صوبائی دارالحکومت لاہور میں ایک ایسے گروہ کا انکشاف ہوا ہے جو گھروں میں جا کر جعلی کرنسی نوٹوں کا استعمال کر کے سادہ لوح لوگوں کو لوٹنے میں مصروف ہے، گروہ میں خواتین بھی شامل ہیں جو انتہائی چالاکی سے سادہ لوح لوگوں کو جعلی کرنسی نوٹ دے کر اس کے بدلے ان سے اصلی کرنسی ہتھیا لیتی ہیں۔ ایسی ہی ایک واردات کا انکشاف گڑھی شاہو کے علاقہ محمد نگر میں ہوا ہے۔ شہری ایاز نے بتایا کہ چند روز قبل ایک اجنبی خاتون ا (بقیہ نمبر 45)

آیان
عامر محمود 0311-5185882
فیاض احمد 0300-7817756
ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس
ہمارے ہاں، کھڑکیاں، دروازے، اٹالین کچن
الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا
ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے
ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

DRESS HOT COM
Ladies Under Garments
CEO
Kashf Abeer
0334-6096444
Kashf Abeer COLLECTION
بوتیک سٹائل
زنانہ اور بچگانہ
برانڈڈ 2پیس اور 3پیس
نیازی ٹاؤن ملت کالونی گلی نمبر 21، راولپنڈی

برائلر گوشت کی قیمت میں 7روپے کمی

فارمی انڈوں کی قیمت 282روپے فی درجن کی سطح پر مستحکم رہی

لاہور (نامہ نگار) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 7روپے کمی سے 392روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 5روپے کمی سے 261روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 282روپے فی درجن کی سطح پر مستحکم رہی۔

لاہور، سنگھ پورہ سبزی منڈی میں گندگی کے ڈھیر پر گائیں اور بھینسیں جمع ہیں

چیچہ وطنی، قومی شاہراہ پر ٹریلر اور بارات کی کار میں تصادم

دلہا کے بھائی سمیت دو افراد موقع پر ہی جاں بحق اور تین زخمی ہو گئے

چیچہ وطنی (سٹاف رپورٹر) قومی شاہراہ پر ٹریلر اور بارات کی کار میں تصادم سے دلہا کے بھائی سمیت دو افراد جاں بحق اور تین زخمی ہو گئے، ریسکیو ذرائع کے مطابق بارات لاہور سے چیچہ وطنی کے گاؤں 31، گیارہ ایل آرہی تھی کہ ہڑپہ کے قریب بارات میں شامل ایک کار مخالف سمت سے آنیوالے ٹریلر سے ٹکرا گئی، حادثہ کے نتیجہ میں کار میں سوار دلہا (بقیہ نمبر 33)

لاہور، ایک موٹر سائیکل سوار کبوتر فروخت کرنے کیلئے جا رہا ہے

دفتر محتسب پنجاب کی ہدایت پر مختلف علاقوں میں سرکاری اراضی ناجائز قابضین سے واگزار

لاہور (نامہ نگار) دفتر محتسب پنجاب کی ہدایت پر بھکر کی تحصیل کلورکوٹ کے چک نمبر 36/ایم ایل میں 252 کنال 2مرلہ سرکاری اراضی کو مجاز اتھارٹی کی اجازت کے بغیر کالونی قرار دے کر مختلف افراد کو غیر قانونی فروخت کرنے کے معاملہ کی تحقیقات کے بعد 28لاکھ 90ہزار روپے مالیت کے 8 کنال 10 مرلہ (بقیہ نمبر 38)

100 سرکاری دکانیں 2 کروڑ روپے کی نادہندہ نکلی، سیل کرنے کا عندیہ

رائے ونڈ (نامہ نگار) 100 سرکاری دکانیں 2 کروڑ روپے کی نادہندہ نکلی، بااثر شخصیات کئی سالوں سے واجبات کی ادائیگی نہیں کر رہے، کمشنر لاہور نے ریکوری مہم تیز کرنے کا حکم دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق رائے ونڈ میں سی او یونٹ کی ملکیتی واقع 156سرکاری دکانوں میں سے 100دکانوں کے کرایہ جات کی وصولی نہ ہونے سے انتظامیہ کو مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ذرائع (بقیہ نمبر 39)

باڑہ ملک دین خیل کوہی چوک میں پاکستان تحریک انصاف کے زیر اہتمام جلسے کا انعقاد

سندھ حکومت خود ڈاکوؤں و چوروں کی پشت پناہ ہیں

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) ضلع خیبر تحصیل باڑہ ملک دین خیل کوہی چوک میں پاکستان تحریک انصاف کے زیر اہتمام جلسے کا انعقاد ہوا جلسے میں پی ٹی آئی ضلع خیبر صدر اقبال آفریدی، ڈیڈک چیئرمین و ممبر صوبائی اسمبلی حاجی محمد شفیق آفریدی، پی ٹی آئی ضلع خیبر ایڈیشنل جنرل سیکرٹری حاجی شیرمت خان آفریدی، سعید اللہ آفریدی، سید رحیم آفریدی، ضرب اللہ سمیت کثیر تعداد میں پارٹی رہنماں و ورکرز نے شرکت کی۔ جلسہ شرکا نے اپنے خطابات میں کہا کہ عمران خان اس ملک کے وہ واحد لیڈر ہے جو کہ ملک سے بھاگنے کی (بقیہ نمبر 40)

فیصل آباد، 65 سے زائد وارداتیں

لاکھوں مالیت کے زیورات' نقدی' موٹر سائیکلیں اور قیمتی سامان لوٹ کر فرار

مکوآنہ (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی' راہزنی اور چوری کی وارداتوں میں اضافہ، مزید 65 سے زائد وارداتیں، وارداتوں کے دوران ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں روپے مالیت کے زیورات' نقدی' موٹر سائیکلیں اور قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے تفصیلات۔ کے مطابق تھانہ روڈالہ کے علاقہ میں ڈاکوؤں کے گروہ نے ناکہ لگا کر ویگن کو روک کر مسافروں سے لاکھوں کی نقدی' قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے، ناظم آباد کے علاقہ ڈاکوؤں نے عثمان علی سے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل' نقدی (بقیہ نمبر 41)

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 20ہزار 800 کیوسک رہا

لاہور (سٹاف رپورٹر) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 20ہزار 800 کیوسک اور اخرج 42ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 8ہزار500 کیوسک اور اخراج 8ہزار 500 کیوسک، خیر آباد پل آمد 16ہزار 800 کیوسک، اخراج 16ہزار 800 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 8ہزار500 کیوسک اور اخراج 22ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 5ہزار100 کیوسک اور اخراج 2ہزار کیوسک رہا۔ جناح بیراج آمد 52ہزار 200 کیوسک اور اخراج 47ہزار 200 کیوسک، چشمہ 55ہزار 200 کیوسک اور اخراج 47ہزار کیوسک، تونسہ آمد 45ہزار400 کیوسک اور اخراج 40ہزار 700 کیوسک، گدو آمد 39ہزار500 کیوسک اور اخراج 33ہزار (بقیہ نمبر 44)

لاہور، ایک بزرگ دیسی انڈے فروخت کرنے کیلئے سجا رہا ہے

سرگودھا ریجن کے کھلاڑی نے بہترین آل راؤنڈر کا اعزاز حاصل کرتے ہوئے کیش ایوارڈ وزیر اعلیٰ پنجاب سے وصول کیا

سرگودھا (نامہ نگار) سرگودھا ریجن کے نوجوان کھلاڑی نے آل پنجاب سکولز کرکٹ ٹورنامنٹ میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کر کے بہترین آل راؤنڈر کا اعزاز حاصل کرتے ہوئے دس ہزار روپے کیش (بقیہ نمبر46)

فیصل آباد میں کرسمس کی تیاریاں شروع

مکوآنہ (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد میں کرسمس کی تیاریاں بھرپور طریقے سے شروع ہو گئی ہیں جبکہ مسیحی برادری کے افراد خصوصاً خواتین، بچوں اور جوانوں نے شاپنگ کیلئے بازاروں کا رخ کر لیا ہے۔ مسیحی برادری نے 25دسمبر کو کرسمس کا (بقیہ نمبر 47)

کریم بلاک میں وفاقی ادارے کی یونیفارم میں ملزمان کی بڑی واردات

ملزمان چیکنگ کے بہانے گھر میں داخل ہوئے، لوٹ مار کر کے فرار ہو گئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) گلشن اقبال کے علاقے کریم بلاک میں وفاقی ادارے کی یونیفارم میں ملزمان نے بڑی واردات کرتے ہوئے ایک کروڑ سے زائد مالیت کی نقدی اور 8 موبائل فونز لوٹ لئے اور فرار ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ دو ملزمان وفاقی ادارے کی یونیفارم میں چیکنگ کی غرض سے ایک گھر میں داخل ہوئے اور بعد ازاں (بقیہ نمبر 48)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

الیکشن کراؤ ملک بچاؤ تحریک پوری قوم کی آواز ہے، ڈاکٹر شاہد صدیق

عوام کرپٹ جماعتوں سے تنگ آچکے ہیں، ملکی مسائل کا واحد حل صاف اور شفاف الیکشن ہیں

عمران خان ہی واحد سیاسی لیڈر ہیں جو ملک و قوم کا سوچتا ہے، عمران خان قوم کی آواز بن چکے ہیں

لاہور (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی بانی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ الیکشن کراؤ ملک بچاؤ تحریک پوری قوم کی آواز ہے، شریف، زرداری مافیا اور ان کے سہولت کاروں سے حقیقی آزادی حاصل کرنے کا وقت آگیا ہے، عوام کرپٹ جماعتوں سے تنگ آچکے ہیں، ملکی مسائل کا واحد حل صاف اور شفاف الیکشن میں ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 65)

ازبکستان میں منعقدہ عالمی نمائش میں شرکت کے خواہشمندوں سے درخواستیں طلب

لاہور (نامہ نگار) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان نے آئندہ سال مارچ میں ازبکستان میں منعقد ہونے والی عالمی نمائش میں شرکت کے خواہشمندوں سے درخواستیں طلب کر لیں۔ ترجمان کے مطابق خوراک، اجزاء اور فوڈ ٹیکنالوجیز کے حوالے سے 22ویں عالمی نمائش آئندہ سال 28 س (بقیہ نمبر 62)

پاکستان میں ریٹیل بزنس کے مستقبل پر بزنس سمٹ و ایکسپو 13دسمبر کو ہوگی

سمٹ میں قومی و بین الاقوامی کاروباری رہنما اور ماہرین شرکت کریں گے

لاہور (نامہ نگار) پاکستان میں ریٹیل بزنس کے مستقبل کے موضوع پر بزنس سمٹ اور ایکسپو 13دسمبر کو لاہور کے مقامی میں منعقد ہوگی۔ اس سمٹ کی میزبانی چین سٹور ایسوسی ایشن آف پاکستان کر رہی ہے جس میں پاکستان کے دو سو بڑے برانڈز اور (بقیہ نمبر 64)

ملک بھر میں یوم سقوط ڈھاکہ 16 دسمبر کو منایا جائے گا

سیاسی و سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات اور سیمینارز کا اہتمام کیا جائیگا

لاہور (نامہ نگار) ملک بھر میں یوم سقوط ڈھاکہ 16 دسمبر کو منایا جائے گا۔ اس سانحہ کے حوالے سے سیاسی و سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات اور سیمینارز کا اہتمام کیا جائے گا۔ سانحہ مشرقی پاکستان 16دسمبر 1971 کو پیش آیا جسے سقوط ڈھاکہ بھی کہا جاتا ہے۔ سقوط ڈھاکہ پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والی جنگ تھی جس (بقیہ نمبر 63)

لاہور، چھٹی کے روز شہری مینار پاکستان کی سیر کر رہے ہیں

مولانا شاہ امام احمد نورانی صدیقی رحمتہ اللہ علیہ کی قربانیاں قابل تحسین ہیں، محمد آصف رضا قادری

مکوآنہ (نامہ نگار) فیصل آباد مولانا الشاہ امام احمد نورانی صدیقی رحمتہ اللہ علیہ تحریک نظام مصطفیٰ اور تحریک ختم نبوت میں قائدانہ کردار ادا کیا۔ مولانا الشاہ امام احمد نورانی صدیقی رحمتہ اللہ علیہ کی دین اسلام اور ملک و ملت کے لیے دی جانے والی قربانیاں قابل تحسین ہیں۔ قوم میں سیاسی و مذہبی شعور بیدار کرنے کے لیے آپ کی زندگی سے رہنمائی لینا ہوگی۔ پاکستان میں سازشوں سے تحفظ کے (بقیہ نمبر 61)

الیکشن میں شکست پی ڈی ایم کے مقدر میں لکھی جا چکی ہے، مبارک آفتاب گل

ملک بحرانوں میں گھر چکا ہے ملک کو بحرانوں سے نکالنے کا واحد حل شفاف انتخابات ہیں

لاہور، جیلانی پارک میں منعقدہ گل داؤدی کی نمائش میں پھولوں سے سجایا گیا اونٹ کا ماڈل

لاہور (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف اقلیتی ونگ کے سنیئر مرکزی رہنما مبارک آفتاب گل نے کہا ہے کہ الیکشن میں شکست پی ڈی ایم کے مقدر میں لکھی جا چکی ہے، امپورٹڈ نااہل حکمران عوام کیلئے وبال جان بن چکے ہیں، سات ماہ میں عوام کا بھرکس نکال دیا ہے، ملک بحرانوں میں گھر چکا ہے ملک کو بحرانوں سے نکالنے کا واحد حل فوری اور شفاف انتخابات ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کرپٹ وفاقی حکومت نے سات ماہ میں اپنے (بقیہ نمبر 60)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جعلسازوں کیخلاف کارروائیاں جاری

مختلف مقامات پر چھاپے مار کر 5ہزار80 کلو ایکسپائر ملک پاؤڈر برآمد، مقدمہ درج

لاہور (نامہ نگار) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے لاہور سمیت صوبہ بھر میں جعلسازوں کے خلاف کارروائی کارروائیاں جاری ہیں۔ فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے جھنگ کے علاقے کچا کوٹ، تصویر محل اور جینوٹ روڈ پر ملک پوائنٹس پر چھاپے مار کر 5ہزار 80 کلو ایکسپائر ملک پاؤڈر برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی مدثر ریاض ملک کے مطابق برآمد شدہ ایکسپائر پاؤڈر میں کیمیکلز اور پانی ڈال کر جعلی دودھ تیار کیا جارہا تھا۔ چھپ کر جعلی دودھ تیار کرنے کے لیے زائد المیعاد پاؤڈر گھر کے بیڈ روم میں رکھے پائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ ناجائز اور زیادہ منافع کمانے کے لالچ میں جعلساز مافیا جعلی دودھ (بقیہ نمبر 59)

سکھر میں باراتیوں کی وین ٹرالر سے ٹکرا گئی، 3 افراد جاں بحق

سکھر (سٹاف رپورٹر) سکھر میں باراتیوں کی وین ٹرالر سے ٹکرانے سے 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سکھر میں باراتیوں کی وین ٹرالر سے ٹکرا گئی، جس کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق اور 12 سے زائد زخمی ہو گئے۔ واقعہ کی اطلا (بقیہ نمبر 58)

پنجاب میں 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے 11 نئے کیسز رپورٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبہ پنجاب میں 24 گھنٹوں کے دوران ڈینگی کے 11 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق فیصل آباد سے ڈینگی کے 3، گوجرانوالہ اور قصور سے 2، 2، شیخوپورہ، سرگودھا، نارووال اور منڈ (بقیہ نمبر 57)

سالٹ رینج میں محکمہ جنگلی حیات کی تیتر کے قانونی شکاریوں کیلئے آگاہی مہم

شکاری قواعد و ضوابط پر سختی سے کاربند رہ کر جنگلی حیات کا دانشمندانہ استعمال کریں

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب شاہد زمان کی خصوصی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل جنگلی حیات و پارکس پنجاب مبین الہی کی زیر قیادت محکمہ نے صوبہ میں تیتر کے قانونی شکاریوں کی رہنمائی کیلئے باقاعدہ آگاہی مہم شروع ہے تا کہ شکاری نظم و ضبط میں رہتے ہوئے جنگلی حیات کا دانشمندانہ استعمال کر سکیں۔ (بقیہ نمبر 56)

لاہور، تعطیل کے روز شہری بوہڑ والا چوک میں قائم لنڈے سے خریداری کر رہے ہیں

وزیراعظم اور وزیر خزانہ ہماری گزارشات کا نوٹس لیں، کارپٹ ایسوسی ایشن

ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت دیہاتوں میں عوام کو غربت کی لکیر سے اوپر لانے میں بے حد معاون ثابت ہو سکتی ہے

حکومت برآمدات میں اضافے کیلئے بیل آؤٹ پیکج کی طرز پر خصوصی معاونت کرے' عثمان اشرف، پرویز حنیف

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان کارپٹ مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ وزیر اعظم اور وزیر خزانہ ہاتھ سے بنے قالینوں سمیت تمام برآمدی شعبوں کی مشکلات سے آگاہی کیلئے ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کریں، ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت دیہاتوں میں عوام کو غربت کی لکیر سے اوپر لانے میں بے حد معاون ثابت ہو سکتی ہے، حکومت بیل آؤٹ پیکج کی طرز پر خصوصی معاونت فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار سینئر وائس چیئرمین عثمان اشرف، کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرپرسن پرویز حنیف، ایسوسی ایشن کے سینئر مرکزی رہنما عبد اللطیف ملک، سینئر ممبر ریاض احمد، سعید خان، محمد اکبر ملک، میجر (ر) اختر نذیر، شاہد حسن اور اعجاز الرحمان نے (بقیہ نمبر 55)

فیصل آباد، جماعت اسلامی نے عام انتخابات کی تیاریوں کا آغاز کر دیا

جماعت اسلامی عام انتخابات میں بھرپور طریقہ سے حصہ لے گی، محبوب الزماں

مکوآنہ (نامہ نگار) فیصل آباد جماعت اسلامی نے عام انتخابات کی تیاریوں کا آغاز کر دیا۔ سراج الحق جمعہ 16دسمبر کو سوساں روڈ پر بڑے ورکرز کنونشن سے خطاب کریں گے۔ شیخ محمد مشتاق این اے 101، ڈاکٹر خالد فخری پی 1101، اجمل حسین (بقیہ نمبر 53)

ملک ترقی کیلئے شرح خواندگی میں اضافہ ناگزیر ہو گیا ہے، کمشنر سرگودھا

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) کمشنر ثاقب منان نے کہا کہ ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کیلئے شرح خواندگی میں اضافہ ناگزیر ہو گیا اس لئے بچوں کو قلم و کتاب سے (بقیہ نمبر 54)

انسان فطرتاً جلد باز اور ناشکرا واقع ہوا ہے

کیونکہ ہمیں مل جانے والی چیز کی خوشی سے زیادہ نہ ملنے والی چیز کا دکھ ستاتا ہے

ہزاروں خواہشیں ایسی۔۔۔ انسان فطرتاً جلد باز اور ناشکرا واقع ہوا ہے۔ اس کی پوری زندگی اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہوئے گزر جاتی ہے ایک کے بعد دوسری، اور پھر تیسری اور پھر خواہشات کا نا ختم ہونے والا سلسلہ ہے۔ ایک خواہش پوری نہیں ہوتی کہ دوسری سر اٹھانے لگتی ہے۔ اور یوں انسان کبھی بھی کسی خواہش کے پورا ہو جانے کی خوشی نہیں منا پاتا۔ جیسا کہ صحیح بخاری کی حدیث ہے اگر ابنِ آدم کے پاس سونے کی ایک وادی ہو، تو چاہے گا کہ اس کے پاس دو وادیاں ہوں اور اس کے منہ کو مٹی کے سوا کوئی چیز نہیں بھر سکتی اور اللہ توبہ کرنے والے کی توبہ کو قبول کرتا ہے۔ آج کے اس دور میں ہر انسان اداس ہے (بقیہ نمبر 51)

ملک میں آٹے کا بحران پیدا ہو گیا، حکومت خواب خرگوش میں مصروف ہے، جاوید قصوری

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ فلور ملز کے گندم کوٹہ میں 60% کمی سے پنجاب سمیت ملک بھر میں آٹے کا بحران پیدا ہو گیا ہے۔ مارکیٹ (بقیہ نمبر 52)

صحت مند معاشرے کے قیام کے لئے ہر شخص اپنا کردار ادا کرے

ماسک کا لازمی استعمال کریں نزلہ، زکام اور کھانسی کا موسم سرما کے خاص امراض ہیں

وہاڑی (نامہ نگار)۔ صحت مند معاشرے کے قیام کے لئے ہر شخص اپنا کردار ادا کرے۔ مختلف موذی امراض سے بچا اور احتیاطی تدابیر پر عمل کر کے بچا جا سکتا ہے فزیشن ڈاکٹر احمد زی وقار ڈی ایچ کیو ہسپتال وہاڑی سابق رجسٹرار الائیڈ ہسپتال فیصل آباد۔ ہیپاٹائٹس ایک جان لیوا بیماری ہے جو آج کل بہت عام ہے ہر دوسرا آدمی اس بیماری کا شکار ہے یہ ایک خاموش قاتل مرض ہے اس سے بچا کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ہوگا ہمیشہ نئی سرنج استعمال کریں خون دیتے وقت یا لیتے وقت کالا یرقان کے ٹیسٹ ضرور کروائیں۔ ڈاکٹر احمد زی وقار نے مزید کہا کہ سیلون پر ہمیشہ نئے بلیڈ اور اوزار کو سٹلائیز کر کے استعمال کروائیں کیونکہ ایک دوسرے کے اوزار سے یہ بیماری پھیل سکتی ہے کہ وہ ایس او پیز پر (بقیہ نمبر 50)

ملک کے 62 فیصد نوجوان ملک چھوڑنا چاہتے ہیں' سروے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس کے ایک حالیہ سروے میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ ملک کے 62 فیصد نوجوان ملک چھوڑنا چاہتے ہیں۔ اس سروے میں سامنے آنے والے اعداد و شمار کے مطابق ملک چھوڑ کر جانے کی خواہش 15 سے 24 برس کی عمر کے نوجوانوں میں سب سے زیادہ نمایاں ہے۔ سروے کے مطابق معاشی صورتِ حال، کام کرنے کے یکساں مواقع اور عزت کا حصول ملک چھو (بقیہ نمبر 49)